

# خواب

## مکرم کے

مصنف محمد مشتاق قادری

Marfat.com

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

Marfat.com

Marfat.com

# خواب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے

مصنف

محمد مشتاق قادری

ناشر

حافظ عبدالکریم سمیع — 2/10 سنگھ پورہ، باغبانپورہ - لاہور

Marfat.com

1112.69

# ''خواب مکرم ﷺ کے''

## ایک نظر میں


| | | |
|---|---|---|
| نام تصنیف | : | خواب مکرمؐ کے |
| مصنف | : | محمد مشتاق قادری |
| طبع اوّل | : | 20 مارچ 2003ء |
| تعداد | : | 1,100 |
| سرورق | : | ابرار حسین جلیب الشیوخ کویت |
| کمپوزنگ | : | محمد نواہد طارق - لاہور |
| پروف ریڈنگ | : | محمد اشفاق، محمد خالق، محمد خالد |
| ناشر | : | حافظ عبدالکریم سمیع |
| | | 2/10 سنگھ پورہ، باغبانپورہ - لاہور |
| پبلشر | : | ویلز پبلشرز - لاہور (پاکستان) |
| قیمت | : | -/200 روپے |
| کتاب ملنے کا پتہ | : | محمد مشتاق قادری - ص ب 4283 |
| | | الصفاۃ - کویت |
| ٹیلی فون پر رابطہ | : | 6607297 MOBILE KUWAIT |
| | | 4339809 (RES) KUWAIT |


نوٹ: جملہ حقوق بحقِ مصنف محفوظ ہیں

Marfat.com

# انتساب

حضور پُرنور، شافع یوم النشور ﷺ

کے عاشق صادق، سیدی وسندی و مرشدی

قبلہ ابا جی حضور

کے نام

اور

حضور پُرنور شافع یوم النشور ﷺ

کی پوری اُمت

کے نام

اِس اُمید کے ساتھ کہ آپ ﷺ قیامت کے

دن مجھ گناہگار کی شفاعت فرمائیں گے

آمین، ثم آمین

Marfat.com

Marfat.com

# مندرجات


| نمبر شمار | تفصیل | صنف | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| -1 | حضور پُر نور شافع یوم النشورؐ کے ...... | انتساب | ۳ |
| -2 | نَحمده و نُصلی و نسلِّمُ عَلیٰ ..... | تقریظ | ۱۱ |
| -3 | ڈاکٹر محمد مشتاق قادری ایک منفرد شخصیت | تقریظ | ۱۲ |
| -4 | ہمہ پہلو شخصیت | تقریظ | ۱۵ |
| -5 | ذالِک فضل اللہ یؤتیه مَنْ یَّشَاء | تقریظ | ۱۹ |
| -6 | سَچا تے سُچا لکھاری | تقریظ | ۲۳ |
| -7 | کچھ اپنے بارے میں | عرضِ ناشر | ۲۵ |
| -8 | اللہ | خطاطی کا نمونہ | ۲۹ |
| -9 | شہد کی مکھیوں کا چھتہ | قدرت کا کرشمہ | ۳۰ |
| -10 | جرمنی کا باغ اور لا الہ الا ...... | قدرت کا کرشمہ | ۳۱ |
| -11 | حرم کعبہ | خوب صورت تخلیق | ۳۲ |
| -12 | یارب | دُعا | ۳۳ |
| -13 | میرے رب نے مجھ پر کرم کر دیا | دُعا | ۳۴ |
| -14 | حمد تمہاری اِس دل کے ہے پیشِ نظر | حمد باری تعالیٰ | ۳۷ |
| -15 | تجھ کو معلوم ہے میں دیوانہ ترا | حمد باری تعالیٰ | ۳۹ |


Marfat.com

| نمبر شمار | تفصیل | صنف | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| -16 | شاہنشہِ ارض و سما بلغ العلیٰ بکمالہٖ | خطاطی کا نمونہ | ۴۱ |
| -17 | گنبدِ خضراء | خوبصورت تخلیق | ۴۳ |
| -18 | خواب مکرمؐ کے ہر آنکھ میں ہوتے ہیں | نعت نبیؐ | ۴۷ |
| -19 | ہے سارا قرآن نعت اُن کی | نعت نبیؐ | ۴۹ |
| -20 | اہل دل کیوں ملول ہوتے ہیں | نعت نبیؐ | ۵۱ |
| -21 | جب یادِ مصطفیٰؐ بسی قلبی دَمی دَمی | نعت نبیؐ | ۵۳ |
| -22 | نبیؐ ہمارے کہ دو جہاں میں جو...... | قطعہ | ۵۵ |
| -23 | چلو چلیں کہ وہاں تخیل سب کا اطہر رہتا ہے | نعت نبیؐ | ۵۶ |
| -24 | ملے مجھ کو وہ صُفّہ سا ادارۃ یارسولؐ اللہ | نعت نبیؐ | ۵۸ |
| -25 | تن مَن سجا ہے سجتے سجتے صَلِّ عَلٰی کہتے کہتے | نعت نبیؐ | ۶۰ |
| -26 | راہیں سجا کے رکھنا | نعت نبیؐ | ۶۲ |
| -27 | دَر پر نبیؐ کے جب کوئی لاچار آ گیا | نعت نبیؐ | ۶۵ |
| -28 | بطحا کو جانے کا موسم آ گیا | نعت نبیؐ | ۶۷ |
| -29 | آپؐ کی ہو جائے گر دید رسولؐ اللہ | نعت نبیؐ | ۶۹ |
| -30 | مظہر ذاتِ کردگار ہیں جو | نعت نبیؐ | ۷۱ |
| -31 | لکھا ہوا ہے جو قرآن میں پڑھائیں گے | نعت نبیؐ | ۷۳ |
| -32 | حالانکہ انتظار میں یہ کائنات ہے | نعت نبیؐ | ۷۵ |
| -33 | جب سے نبیؐ کی دید ہوئی دِل ہے باغ باغ | نعت نبیؐ | ۷۷ |
| -34 | گو طلاطم سے بھی پیار اُس نے کیا | نعت نبیؐ | ۷۸ |
| -35 | اُن کی چاہت میں یار پھرتے ہیں | نعت نبیؐ | ۸۰ |


Marfat.com

| نمبر شمار | تفصیل | صنف | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| -36 | دیتا ہے ذرہ ذرہ شہادت حضورؐ کی | نعت نبیؐ | ۸۲ |
| -37 | رُخ پہ جب سنت سجائی ہے نبیؐ سرکار کی | نعت نبیؐ | ۸۴ |
| -38 | پروانے جب عشق میں آہیں بھرتے ہیں | نعت نبیؐ | ۸۶ |
| -39 | محفل میں جب کسی سے کبھی گفتگو رہی | نعت نبیؐ | ۸۸ |
| -40 | جپتا رہوں محمدؐ سرکار کی گلی میں | قطعہ | ۹۰ |
| -41 | میری قسمت میں اگرچہ معرفت کا جام ہے | نعت نبیؐ | ۹۱ |
| -42 | رُک گئے جبرائیلؑ جہاں پر...... | نعت نبیؐ | ۹۳ |
| -43 | چلے پھر ہوا کے جھونکے، گلوں کا لئے تبسم | نعت نبیؐ | ۹۵ |
| -44 | نامِ محمدؐ جپنا مجھ کو اچھا لگتا ہے | قطعہ | ۹۷ |
| -45 | کام خادم کا زمانے سے جدا ہوتا ہے | نعت نبیؐ | ۹۸ |
| -46 | یہ وظیفہ ہے میرا، یہ کام ہے | نعت نبیؐ | ۹۹ |
| -47 | اب تعلق جوڑ لے اللہ کے دِلدار سے | دو شعر | ۱۰۱ |
| -48 | میں کہ حالاتِ کوئے حرم لاؤں گا | نعت نبیؐ | ۱۰۲ |
| -49 | اُلفت میں شاہِ دین کی جو نم ہوئے چراغ | نعت نبیؐ | ۱۰۴ |
| -50 | اشرف المخلوق ہے یہ بندہ حق فخر ہے | نعت نبیؐ | ۱۰۵ |
| -51 | دو جہاں پر مصطفیٰؐ ہی کی حکومت ہے اُمر | نعت نبیؐ | ۱۰۷ |
| -52 | نقش قدم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | تصویر | ۱۰۸ |
| -53 | نقش قدم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | تصویر | ۱۰۹ |
| -54 | نقش قدم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | تصویر | ۱۱۰ |
| -55 | غلبہ اسلام نصاب مدینے کا " | نعت | ۱۱۱ |


Marfat.com

| نمبر شمار | تفصیل | صنف | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 56- | سارے جہاں نے مجھ کو جو رجیکٹ ہے کیا | نعت نبیؐ | ۱۱۵ |
| 57- | جنت کے کھلے "گیٹ" ہیں...... | نعت نبیؐ | ۱۱۷ |
| 58- | مسلم ہر ایک رنگ میں آقا کا "فین" ہے | نعت نبیؐ | ۱۱۹ |
| 59- | طیبہ کی ہے منور "گول" بنا لو دوستو | نعت نبیؐ | ۱۲۰ |
| 60- | یہ نفرتوں کی آگ دھری "کولڈ" کیجئے | نعت نبیؐ | ۱۲۱ |
| 61- | نبوت کا جو ٹاور ہے | نعت نبیؐ | ۱۲۳ |
| 62- | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم من محمد عبداللہ ورسولہ | مکتوب نبیؐ | ۱۲۵ |
| 63- | ربّا تیتھوں میرے قریب کوئی وی نئیں | حمد باری تعالیٰ | ۱۲۹ |
| 64- | کوئی قلیمؑ، خلیلؑ، ذبیحؑ | نعت | ۱۳۱ |
| 65- | اسم محمدؐ | تصویر | ۱۳۲ |
| 66- | مکے دیاں ہوون تے مدینے دیاں راہواں | نعت نبیؐ | ۱۳۵ |
| 67- | حرم نبیؐ دا وسے ہمیشہ، دِسے اوہ گنبد ہریا | نعت نبیؐ | ۱۳۷ |
| 68- | سبز گنبد سی نگاہویں نعت وَل لکھدا رہیا | نعت نبیؐ | ۱۳۹ |
| 69- | دُکھاں کیتا بڑا بے خال مینوں | نعت نبیؐ | ۱۴۱ |
| 70- | بیٹھے بیٹھے رب سائیں نوں یاد جے آن ستایا | نعت نبیؐ | ۱۴۳ |
| 71- | کی دساں اے میرے آقاؐ...... | نعت نبیؐ | ۱۴۵ |
| 72- | ہرا گنبد سنہری جالیاں نے سوہنیاں جگ توں | نعت نبیؐ | ۱۴۶ |
| 73- | دن محشر دے جے چاہنا ایں تینوں مِلن حضورؐ | نعت نبیؐ | ۱۴۸ |
| 74- | عشق چ کجھ کرنا پیندا اے | نعت نبیؐ | ۱۵۰ |
| 75- | نبیؐ دی یاد وِچ وردیاں | نعت نبیؐ | ۱۵۲ |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | صنف | تفصیل | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| ۱۵۴ | تصویر | عمامہ شریف برنگ سبز مع کلاہ | 76- |
| ۱۵۷ | منقبت | لاؤں کہاں سے موہنی صورت حسینؓ کی | 77- |
| ۱۶۱ | قطعہ | علقمہ پیاس اور غریب حسینؓ | 78- |
| ۱۶۲ | واقعہ کربل والا | فرض کہاں تھا پیچیدہ | 79- |
| ۱۶۳ | تصویر | گنبدِ خضراء | 80- |
| ۱۶۷ | قطعہ | نخلِ رسالت کا ہر برگ وثمر پرومیننٹ ہوا | 81- |
| ۱۶۸ | سلام | سلام اے کربلا کے ہادی | 82- |
| ۱۷۰ | سلام | جس سے لیتی ہے تحسین قوسِ قزح | 83- |
| ۱۷۳ | سلام | سلام اُس پر کہ جس کا چہرہ تھا...... | 84- |
| ۱۷۷ | منقبت | غوثِ اعظم کو جو اعجاز ہے کرتے دیکھا | 85- |
| ۱۸۱ | احادیث | قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | 86- |
| ۱۸۳ | زم زم | سنو کہ برسوں پرانی یہ اک کہانی ہے | 87- |
| ۱۸۷ | انقلاب کی آرزو | ہوا غرق بحرِ خیال میں تو فلک سے آنے لگی ندا | 88- |
| ۱۸۸ | غلامی کی سند | عرض میری ماؤں بہنو ہے تمہارے باب میں | 89- |
| ۱۹۰ | سایۂ یزداں | جب کسی شخص کا بھی ہوش ہے عطلان ہوا | 90- |
| ۱۹۲ | انقلاب مصطفیٰ | کیسے لکھوں جو ادارے کی نرالی شان ہے | 91- |
| ۱۹۴ | خزینہ | یہ رات لے کے آئی عرفان کا خزینہ | 92- |
| ۱۹۶ | آرزو | علم وعرفان کا بھرا اگر مجھے اِک جام ملے | 93- |
| ۱۹۸ | فکر فردا | پُرخلوص باتوں میں اور خوش خیالوں میں | 94- |
| ۲۰۰ | تذکرہ | جب خدا کا "کنت کنزاً مخفیاً" فرماتا تھا | 95- |


Marfat.com

Marfat.com



بسم الله الرحمن الرحيم

نحمده ونصلي ونسلم على رسوله الكريم وآله

يسرني أن أكتب هذه السطور القليلة كمقدمة لكتاب (مدح ونعت المصطفى عليه وآله الصلاة والسلام - أشواق وتعبيرات) الذي ألفه شعرا المحب الدكتور (محمد مشتاق محمد رشيد القادري الرفاعي) وفقه الله تعالى، سائلا المولى تعالى أن يكون جهده مقبولا عند الله جل جلاله وعند حبيبه ونبيه ورسوله سيدنا محمد صلى الله تعالى عليه وآله وصحبه وسلم آمين والحمد لله رب العالمين

I am pleased to write these few words as a short introduction for this excellent book specially written to express the high love and Ishq of brother Dr. Mushtaq Qadri-Rifaie to our dear beloved Prophet Sayyadina محمد Mohammad (Peace be upon Him) May Allah Al-Mighty accept his humble deed which is full of Mahabbat and gratitude and respect to سيدنا محمد عليه الصلاة والسلام

May Allah bless you Amin - الله تعالى يباركه آمين

Written by sincerly — وكتبه بيده الفانية

S. Yousuf S. Hashim Al-Rifai

YOUSUF AL-RIFAI

10 - 3 - 2001 — ١٥ ذي الحجة ١٤٢١ هـ

Kuwait — الكويت

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ڈاکٹر محمد مشتاق قادری ایک منفرد شخصیت

ڈاکٹر محمد مشتاق قادری ''دامت برکاتہم العالیہ'' کویت کی وزارتِ صحت سے وابستہ ہیں۔ موصوف گوناگوں خوبیوں کے مالک ہیں۔ عام طور پر آدمی ایسی معقول سروس کو اپنانے کے بعد سست روی کی طرف مائل ہو جاتا ہے مگر ڈاکٹر صاحب اس کے بالکل متضاد، ہر وقت چاق و چوبند کسی نہ کسی کام میں منہمک یا سرگرداں رہتے ہیں۔ کچھ نہ کچھ کرتے رہنا شاید اِن کا وتیرۂ حیات ہے۔ نوکری کے ساتھ ساتھ شعبۂ خطابت کو بھی اپنائے ہوئے ہیں۔ جہاں کہیں دینی محفل ہو وہاں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ خطابت کے ساتھ نقابت بھی کرتے ہیں۔ کبھی فون کریں تو پتہ چلتا ہے کہ وہ درس و تدریس کے سلسلے میں فلاں علاقے میں گئے ہیں۔ بچوں کو ٹیوشن دے رہے ہیں۔ کبھی کسی ڈیرے میں جائیں تو ڈاکٹر صاحب وہاں اپنے دوستوں کی دینی معلومات میں اضافہ کر رہے ہیں یا پھر سرکارِ دو عالم کی اطاعت پر بیان ہو رہا ہے جسے سامعین جوق در جوق سن رہے ہیں اور محظوظ ہو رہے ہیں۔ گراؤنڈ میں کرکٹ کا میچ ہو رہا ہو تو ڈاکٹر صاحب ایمپائری کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

ان کی تمام مصروفیات سے تو میں واقف تھا ہی مگر میری حیرت کی انتہا نہ رہی جب وہ اپنے کلام کا مسودہ اٹھائے میرے پاس تشریف لائے کہ اسے چھپوانا ہے اور

Marfat.com

اس پر اپنی رائے کا اظہار بھی کرنا ہے۔ واللہ کیا زندہ دلی ہے کہ مجھ ناچیز کو اس قابل سمجھا کہ میں ان کے بارے میں اپنی رائے لکھوں۔ یہ اُن کا بڑا پن ہے۔ ان کی فراخ دلی کا بین ثبوت ہے۔ میں نے عرض کی کہ مولانا کیا یہی کمی رہ گئی تھی جس پر آپ مسکرا دیئے۔ انہوں نے مسودے کو اتنے دلکش انداز سے آیات قرآنی، تصاویر اور اپنے کلام سے مرصع کیا ہوا تھا کہ منہ سے بے ساختہ نکلا کہ اسے جوں کا توں ہی رہنے دیں طباعت سے کہیں زیادہ خوب صورت لگ رہا ہے۔

بہر حال مسودے کو پڑھا ان کی محنت اور لگن کی داد دیئے بغیر چھٹکارا نہیں کہ اس پر خاموشی سخت ناانصافی ہوگی۔ شعر و شاعری ایک مکمل فن ہے جس کو اپنانے کے لئے کئی مراحل سے گزرنا پڑتا ہے لیکن ڈاکٹر صاحب نے بھی کچھ سوچ سمجھ کر اس بحرِ ادب میں چھلانگ لگائی ہے "کشتی تمہیں یہ چھوڑی لنگر اٹھا دیئے ہیں" کے مصداق ان کی یہ کاوش یقیناً رنگ لائے گی۔

قارئین کرام! زندگانی میں کئی دور آتے ہیں اور ہر دور میں کئی رنگ جس میں ایک رنگ سرشاری کا ہوتا ہے اور جب یہ رنگ آجائے تو انسان خود کو قید و بند کی صعوبتوں سے آزاد سمجھتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے بھی کئی بندھن توڑ کر یہ راہ اپنائی ہے۔ تبھی تو اُن کے خیال کا پنچھی کافی اونچی اڑان پر اڑنے لگا ہے۔ ہم ڈاکٹر صاحب کو تو کسی طور اپنی گرفت میں لے لیں مگر اُن کے خیال کی جو پرواز ہے اُسے کون زنجیر پہنائے گا۔ بقولِ شاعر

پھول چمن میں ہیں ہزار دیکھ ظفرؔ ہے کیا بہار
ہر اِک کا رنگ جدا جدا ہر اِک کی بو الگ الگ

انہوں نے جو شاعری کا انداز اپنایا ہے وہ بالکل مختلف ہے۔ قافیوں کی بندش انگریزی میں بالکل نیا تجربہ ہے۔ ہمیں ان کی شاعری کو کسی کسوٹی پر نہیں جانچنا بلکہ یہ دیکھنا ہے کہ

Marfat.com

وہ کہنا کیا چاہ رہے ہیں۔ میں نے اُن کا سارا کلام پڑھا دماغ کے ساتھ دِل سے زیا
کام لیا گیا ہے اور دِل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے۔ اِسے ماڈرن شاعری کہہ سکے
ہیں، اِن کے ہر شعر میں ایک مضمون چھپا ہے۔ انہوں نے دِل سے لکھا تو ہمیں بھی دِل
سے پڑھنا چاہئے۔ ان کے حق میں دعا کریں کہ اِن کا کلام بارگاہِ رسالت میں شرف
قبولیت حاصل کرے اور اِن کے لئے ذریعۂ نجات بنے۔ آمین ثم آمین!

۲۸۔۱۲۔۲۰۰۰ء

محمد اقبال سندھو ملتانی

کویت

28/12/2000

فون نمبر 00965-9462840

Marfat.com

# ہمہ پہلو شخصیت

سال 1993ء کی ایک سرد شام کا ذکر ہے کہ راقم کو کویت میں منعقدہ ایک محفل ذکر میں شرکت کا موقع ملا۔ دوران محفل ٹائی لگائے سوٹ پہنے ایک دھان پان سا شخص محفل میں آیا تو لوگوں نے بڑی عقیدت و احترام سے رستہ بنا کر موصوف کو اسٹیج تک پہنچنے میں مدد دی۔ نقیب محفل نے اختتامی دعا کے لئے کہا تو خدا تعالیٰ سے اس انداز میں مانگا کہ دل عش عش کر اٹھا۔ یہ میری ڈاکٹر محمد مشتاق قادری، رفاعی سے پہلی ملاقات تھی۔

موصوف ایسی ہمہ پہلو شخصیات اب خال خال نظر آتی ہیں۔

رسماً تو کویت کی وزارتِ صحت میں ایک قابل ذکر عہدے پر فائز ہیں لیکن غیر رسمی طور پر خدائے وحدہٗ لاشریک کی مخلوق کی سماجی بہبود کی وزارت میں بطور سوشل ویلفیئر آفیسر ڈیوٹی کرتے ہیں۔

یہ رُتبہ بلند ملا جس کو مل گیا

دیار غیر میں پاکستانی کمیونٹی پر کبھی بھی کوئی انفرادی یا اجتماعی مشکل آن پڑے میرا یہ دوست سینہ سپر ہو جاتا ہے۔ اس مادہ پرستی کے دور میں اپنی تنخواہ کا ایک اچھا خاصا حصہ عام لوگوں کی فلاح و بہبود پر خرچ کر دیتا ہے۔

ایک پُروقار، طلسمی اور بے چین شخصیت کا مالک جو راتوں میں ادارہ منہاج القرآن کے پلیٹ فارم پر قال اللہ و قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صدائیں

Marfat.com

بلند کرتا نظر آتا ہے تو دن میں عوام الناس کی مشکلات حل کروانے کے لئے مختلف دفاتر کے چکر لگا رہا ہوتا ہے۔ کبھی دن میں گراؤنڈ پر کرکٹ میچ کی ایمپائرنگ کرتا نظر آتا ہے تو شام کے وقت غیر مسلموں کے سامنے دین حق کی دعوت دے کر اُن کے سوالوں کے جواب دے رہا ہوتا ہے۔

میرے اِس دوست کی زندگی کامیابیوں کا ایک حسین مرقع ہے۔ جن کی لسٹ تو طویل ہے لیکن اُن میں سے چند اہم ترین کا تذکرہ نہ کرنا قارئین سے زیادتی کے مترادف ہوگا۔

1- ادارہ منہاج القرآن کویت کی تاریخ میں وہ واحد شخصیت ہے جس نے منہاج القرآن حلقہ خیطان کویت کا بلا مقابلہ نگران منتخب ہونے کی ہیٹرک (Hattrick) کی۔

2- کویت کی آزادی کے فوراً بعد منہاج القرآن کے نغمے آلاپنے والے گیارہ دیوانوں میں شامل تھا۔ جنہوں نے ملکی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے بڑی حکمت عملی سے، انتہائی محنت اور لگن کے ساتھ ادارہ منہاج القرآن کویت کے نیٹ ورک کو ازسرنو مضبوط اور مستحکم بنیادوں پر استوار کیا۔

3- مرکزی ناظم دعوت و تربیت ادارہ منہاج القرآن کویت کے عہدے پر فائز رہا۔

4- مرکزی نائب صدر دوم اور بعدازاں مرکزی نائب صدر اوّل کی ذمہ داریاں بڑے احسن طریقے سے نبھاتا رہا۔

5- 23 مارچ 1996ء کی شام تحریک منہاج القرآن کویت نے موصوف کی ہمہ پہلو تحریکی خدمات اور سینچری کا اعتراف کرتے ہوئے ''گولڈ میڈل'' سے نوازا۔ سینچری سے مراد یہ کہ موصوف نے 100 نئے افراد کو ادارہ منہاج القرآن کا تاحیات ممبر بنایا۔ یہ تعداد اب ڈبل سینچری سے بھی تجاوز کر چکی ہے۔

6- 22 اگست 1996ء کو تحریک منہاج القرآن کے ایک قابلِ فخر فرزند علامہ انوار المصطفیٰ ہمدمی صاحب نے ''سند حسن کارکردگی سے نوازا۔

7- 10 اگست 1997ء ادارہ منہاج القرآن کے عظیم سپوت علامہ پروفیسر حافظ محمد

Marfat.com

اعظم نوری صاحب نے اپنے ایک ماہ کے تبلیغی و تحریکی دورۂ کویت کے دوران ادارہ منہاج القرآن کے لئے کثیر تعداد میں نئے تاحیات ممبر بنانے پر ''سند حسن کارکردگی'' سے نوازا۔

-8 28 جولائی 1998ء کو حضور قائد انقلاب پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری دامت برکاتہم العالیہ نے خود میرے اِس دوست کی صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہوئے اپنے دستخطوں سے متبرک ''سندِ امتیاز'' عطا فرمائی۔

-9 13 جنوری 1999ء کو ایک طرف تو منہاج القرآن انٹرنیشنل ویلفیئر اینڈ ہیومن رائیٹس سوسائٹی نے زکوٰۃ و فطرانہ مہم کے دوران انفرادی کولیکشن میں اوّل آنے پر ''سند اعزاز'' سے نوازا تو دوسری طرف وزارت صحت کویت نے اپنے فرائض منصبی کے ساتھ وفاداری پر ''ایکسیلنٹ پرفارمنس ایوارڈ'' (Excellent Performence Award) سے نوازا۔ جس کے ساتھ چالیس ہزار روپے کی انعامی رقم بھی تھی اور اس کا ذکر کویت گزٹ اور وزارت صحت کے تمام اخبارات و جرائد میں باقاعدہ طور پر کیا گیا۔

-10 7 فروری 2000ء کی زکوٰۃ و فطرانہ مہم میں اپنے سابقہ ٹائٹل کا کامیابی سے دفاع کیا اور قائد انقلاب حضرت پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری مدظلہ العالی سے ''سند حسن کارکردگی'' حاصل کی۔

-11 29 اگست 2000ء کی انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (ICC) کے کرکٹ کوچنگ پروگرام کے تحت بین الاقوامی ٹیسٹ کھلاڑی اور ایمپائر محبوب شاہ سے ایمپائرنگ کی اعلیٰ سطحی ٹریننگ/تربیت حاصل کی۔ کویت میں منعقدہ کورس مکمل کیا اور کامیابی سے امتحان پاس کر کے اپنے آپ کو فرسٹ کلاس کرکٹ ایمپائرنگ کا اہل ثابت کیا اور کویت کی مختلف ٹیموں کے درمیان ایک غیر جانبدار ایمپائر بن کر ابھرا۔

-12 28 فروری 2001ء تحریک منہاج القرآن کے ''فارن افیئر'' ڈویژن نے ایک بار پھر میرے اس قابل فخر دوست کو ''تعریفی سند'' اور منہاج القرآن ویلفیئر سوسائٹی نے ''سندِ اعزاز'' پیش کی۔

Marfat.com

13- اُدعُ الیٰ سبیل ربك کی آیہ مقدسہ اور بلغوعنی ولو آیہ والی حدیث مبارکہ کی عملی تفسیر بن کر اَب تک گیارہ غیر مسلموں کو کلمہ شہادت پڑھانے کا اعزاز بھی میرے اس دوست کی جھولی میں ہے۔

14- شرکۃ المتحدۃ الانتاج الزراعی، (الصلیبیہ الزراعیۃ) کی عظیم الشان جامع مسجد میں باقاعدہ بلا معاوضہ نماز جمعہ کی خطابت و امامت کا شرف بھی میرے اس دوست کو حاصل ہے۔

عجز و انکساری کا یہ پیکر اِن سب اعزازات کو تحریک منہاج القرآن سے وابستگی کا انعام، اپنے مشائخ اور والدین کی دعاؤں کا صلہ قرار دیتا ہے۔

میرا یہ دوست ڈاکٹر محمد مشتاق قادری نعت خوان تو تھا ہی اب نعت گو بھی بن چکا ہیں جس کا عملی ثبوت نعتوں کے اِس مجموعے ''خواب مکرمؐ کے'' کی صورت میں آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ خدا تعالیٰ اِس کاوش کو قبول فرمائے اور امت مسلمہ کے تمام شاعروں کو اپنی تمام تر شعری صلاحیتیں فقط نعت لکھنے پر صرف کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین!

حافظ مسرور احمد انجم نوری

ممبر ایڈوائزری کونسل

ادارہ منہاج القرآن

کویت

20/3/2001

فون نمبر 00965-4311780

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذالِکَ فَضلُ اللہِ یُؤتِیہِ مَن یَشاء

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نعت گو اور نعت خواں سنت الٰہیہ پر عمل پیرا ہیں۔ یہ سلسلہ ازل تا ابد جاری رہے گا۔ حضرت حسان بن ثابتؓ اور کعب بن زبیرؓ کو بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو پذیرائی ملی اس کا ذریعہ نعت گوئی ہی تھی۔

نعت گوئی محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک علامت ہے محبت کی اس لازوال دولت کو مسلمانوں کے دلوں سے نکالنے کے لئے اغیار نے بے شمار فتنے کھڑے کئے جن کی زد میں آ کر بعض دینی حلقوں میں بھی اس کے اثرات نمایاں ہونے لگے لیکن اللہ تعالیٰ کی ذات کب گوارہ کرتی ہے کہ اس کے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا یہ ذریعہ ماند پڑے۔ لہٰذا برصغیر پاک و ہند میں ایسے فتنوں کی سرکوبی کے لئے کبھی اعلیٰ حضرت شاہ احمد رضا خاںؒ آگے بڑھے تو کہیں علامہ اقبالؒ اس محاذ پر ڈٹے موجودہ دور میں اغیار نے امت مسلمہ پر پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے نظریاتی، ثقافتی اور جنسیت کے حملے کر کے اس متاع بیکراں یعنی محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاتمے کے لئے دن رات ایک کر رکھا ہے۔ ان حالات میں عالم اسلام کے عظیم فرزند مفکر اسلام اور مفسر قرآن حضرت پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری کے ذمہ قدرت نے اس فتنہ کی سرکوبی کی ڈیوٹی لگا دی۔ جنھوں نے عالم اسلام کے اندر محافل میلاد و نعت کے ذریعے محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا درس دینا شروع کیا تو نعت گو اور نعت خواں حضرات کو بھی وہ پذیرائی ملی کہ جس کی مثال موجودہ دور میں ملنا مشکل ہے۔

اسی صف میں تحریک منہاج القرآن سے وابستہ جناب ڈاکٹر محمد مشتاق قادری

Marfat.com

بھی ہیں جو گوناگوں خوبیوں کے سراپا مجسم ہیں جب وہ کسی کام کا ارادہ کر لیتے تو گویا دن رات ایک کر دیتے ہیں۔ کویت میں مقیم تحریک کے اس عظیم مجاہد نے بھی اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اپنے تعلق حُبّی کے اظہار کا ذریعہ تقریر اور تحریر کے علاوہ نعت گوئی کو بھی اپنایا۔ تو دیکھتے ہی دیکھتے پورا مجموعۂ نعت ''خواب مکرمؐ کے'' منصۂ شہود پر آ گیا۔

گذشتہ ایک عشرہ سے بھی زیادہ عرصہ سے ڈاکٹر صاحب کے ہمنوالہ اور ہم پیالہ ہونے کے ناطے اس ناچیز نے اُن کی اِن خوبیوں کا بڑے قریب سے مشاہدہ کیا ہے اور ان کے پورے کلام کو تازہ بہ تازہ پڑھنے کی سعادت نصیب ہوتی رہی ہے لہٰذا اس میں عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشبو ملی ہے، دربار نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مانگنے کا قرینہ ملا ہے، حضوری کی کیفیات بھی محسوس کی ہیں۔ گویا کوئی لمحہ یاد نبی صلی اللہ علہ وآلہ وسلم سے خالی دکھائی نہیں دیا۔ دراصل یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر عنایت سے ڈاکٹر صاحب کی تحریک منہاج القرآن سے وابستگی اور کویت میں ادارہ کے مرکزی دفتر منہاج ہاؤس میں انہیں جو ماحول میسر آیا تو یہ سب کچھ اسی کی کرامت اور فیضان معلوم ہوتا ہے۔

ویسے تو بحیثیت مسلم ہم سب کسی نہ کسی انداز میں ثنا خوان مصطفیٰ صلی اللہ علہ و آلہ وسلم ہیں لیکن محترم ڈاکٹر صاحب کے اندر عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایسی چنگاری بھڑکی جو انہیں نعت گوئی کے کوچہ میں لے آئی جو بذاتِ خود ایک بہت بڑے نصیب کی بات ہے۔ اب جبکہ بیسویں صدی اپنے اختتام کی حدوں کو چھوتے ہوئے اپنے آخری رمضان المبارک کے آخری عشرہ سے گزر رہی ہے اور دنیا اکیسویں صدی کی دہلیز پر کھڑی ہے تو جناب ڈاکٹر صاحب کا یہ نعتیہ مجموعہ اپنے اندر سموئے ہوئے نئے اسلوب کے ساتھ اکیسویں صدی کے نوجوانانِ ملت کو یقیناً اپنی طرف متوجہ کر لے گا۔

Marfat.com

دُعا ہے کہ محترم ڈاکٹر صاحب کی یہ کاوش اللہ تعالیٰ کے حضور شرفِ قبولیت سے ہمکنار ہو اور اُن کے لئے توشۂ آخرت بنے۔

آمین بجاہِ سید المرسلین و خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

محمد یوسف بختاور

رکن سپریم کونسل

ادارہ منہاج القرآن

کویت

مؤرخہ 21 دسمبر 2000ء

بمطابق 25 رمضان المبارک

بمقام منہاج ہاؤس کویت

Marfat.com

111269

Marfat.com

بسمِ اللہ الرّحمٰنِ الرّحیم

# سچّا تے سُچّا لکھاری

میں ڈاکٹر محمد مشتاق قادری نوں کئی وریاں توں جاندا آں۔ الحمدللہ اَج ڈاکٹر صاحب ادارہ منہاج القرآن کویت دی ایڈوائزری کونسل دے ممبر نیں۔ نعت نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم لکھن دا شوق شروع توں ای میں ایہناں وچ ویکھیا اے، تے اَج اک سچے تے سُچے لکھاری دا روپ دھار کے نکھر کے سامنے آئے نیں۔

ڈاکٹر صاحب دی شاعری عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دی راس رچاؤندی جاپدی اے۔

مشتاق ہوراں دی شاعری روایت تے جدیدیت دا اک خوب صورت سنگم اے، جیہڑی اَج دی ہر کسوٹی تے پوری اُتر دی اے۔ جگہ دی کمی سببوں میں مشتاق ہوراں نوں جی بھر کے داد وی نئیں دے سکیا۔ حیاتی رہی تے کدی ایہہ قرض ضرور اتاراں گا۔

نعت لکھناں ہر کسے دے وس تے نصیب دی گل نئیں ایہہ کسے کسے دا مقدر اے۔ جدوں تیکر سوچ تے خیال، دِل تے نظر، روح تے جسم پاکیزہ تے مطہر نہ ہووے نعت لکھنا ممکن ای نئیں۔

صَدف لکھ ہزار نیں بحر اندر<br>
گوہر اِک دے وچ نایاب ہُندا<br>
ٹوبے ٹُبیاں لِا لا تھک گئے نیں

Marfat.com

کِسے ہَتھ نئیں دَستیاب ہُندا
عُمراں گلیاں بَحرِ فَنا اندر
کوئی کوئی اے باریاب ہُندا
صدیقیؔ اُہدی نظر کرم دِی جدوں ہووے
بندا ذرّے توں آفتاب ہُندا

میری دُعا اے اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب دے زورِ قلم وچ ہور وادھا فرمائے تے دین وِدُنیا وچ آپنیاں رحمتاں نال نوازے۔ آمین ثم آمین

محمد حسین صدیقی
کویت

Marfat.com

# کچھ اَپنے بارے میں

میں نے فروری 1956ء کی ایک خوشگوار صبح، پاکستان کے دِل، شہر لاہور میں محلّہ سنگھ پورہ، باغبانپورہ میں ایک علم دوست، مذہبی، مگر متوسط گھرانے میں آنکھ کھولی۔

ابتدائی، مڈل، میٹرک اور انٹرمیڈیٹ تک تعلیم کے سارے مراحل لاہور ہی میں طے کئے۔ ڈپلومہ اِن پرائمری میڈیکل سائنس اور ڈپلومہ اِن ڈینٹل سرجری (گولڈ میڈلسٹ) بھی لاہور ہی سے حاصل کئے۔ 1974ء میں پاکستان ائرفورس میں Ground Signaller (Telephone/Telex Operator) کی حیثیت سے ملازمت اختیار کرلی، جو بعدازاں 1978ء میں چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر چھوڑ دی۔

1980ء کے اوائل میں تلاشِ روزگار کے لئے کویت چلا آیا۔ اُسی سال یعنی 1980ء میں Ministry of Health کویت میں بطور Technical Pharmecy Store Keeper ٹیکنیکل فارمیسی سٹور کیپر سروس کرلی جو تاحال جاری ہے۔

1983ء میں کویت یونیورسٹی (مركز خدمة المجتمع والتعليم المستمر) سے عربی کورس بھی کیا۔ پڑھنے اور پڑھانے کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔

ادبی محافل کا ذوق بھی پروان چڑھتا رہا اور یوں طبیعت خطابت کی طرف بھی

Marfat.com

مائل رہی۔ الحمدللہ

1987ء میں ادارہ منہاج القرآن، کویت سے وابستہ ہوا پھر یہ وابستگی تاحیات رفاقت میں بدل گئی۔ زونل تنظیمات سے لے کر مرکزی تنظیم کے کئی ایک عہدوں پر مختلف اوقات میں فائز رہا۔ اِس وقت اِن ناتواں کندھوں پر منہاج القرآن انٹرنیشنل ویلفیئر سوسائٹی کے صدر کی ذمہ داریاں ہیں۔

نعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہمیشہ سے بڑے ذوق وشوق سے پڑھتا اور سنتا تھا اور اِسی سے نعت لکھنے کا شوق بھی ابھر کر سامنے آیا لیکن ناواقف اسرار و رموز شاعری، اِس گلستانِ شعر وادب میں عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی میراث لے کر چلا ور اِس منزل تک آ پہنچا۔

اِس شوق کو پروان چڑھانے میں محترمہ مسرت جبیں صاحبہ کا بھرپور تعاون حاصل رہا۔

محترم محمد اقبال سندھو ملتانی نے ایک منجھے ہوئے شاعر کی طرح قدم قدم رہنمائی کا فریضہ سرانجام دیا اور اُستاد ہونے کا حق ادا کر دیا۔

محترم سعید روشن صاحب کے مفید مشوروں نے بھی کتاب کی تکمیل میں کافی مدد کی۔

محترم نظر بریلوی صاحب کا ذکر نہ کرنا زیادتی کے مترادف ہوگا کیوں کہ مسودہ کی تکمیل پر نوک پلک سنوارنے کا کام اُنہی کے ہاتھوں پایہ تکمیل تک پہنچا۔ آپ نے صرف اتنی بڑی ذمہ داری ہی نہیں نبھائی بلکہ بھرپور حوصلہ افزائی بھی فرمائی۔

محترم ابرار حسین ناچیز کے ہم نوالہ اور ہم پیالہ ہونے کے ناطے ہر مرحلے پر ساتھ رہے۔ کتاب کے سرورق کی بات آئی تو اُنہوں نے اپنے فن کی مہارت کا ثبوت فراہم کیا اور ٹائٹل بنا کر کتاب کو دیدہ زیب بنا دیا۔

Marfat.com

منہاج ہاؤس کے باسی، محمد یوسف بختاور، محمد انور بھٹی، محمد امتیاز ملک افتخار حسین بھٹی، رانا مبشر حسین، ڈاکٹر خضر حیات سیالوی، راجہ محمد ندیم پٹواری، محمد عرفان عادل، حاجی محمد انور شاہد، صاجبزادہ افتخار رشید، ملک شیر خان، محمد خالد قادری، چودھری محمد صدیق اور شمس الحق بھٹی، مقصود احمد سندھو ملتانی، خوش نویس مظہر بیگ اور اُن تمام احباب کا تہہ دل سے شکرگزار ہوں جنہوں نے اپنے مفید مشوروں سے نوازا، قدم قدم پر نیا حوصلہ عطا کیا اور کتاب کی تکمیل میں معاونت فرمائی۔ اللہ جل شانہٗ کے حضور دست بستہ دعا گو ہوں کہ اُن تمام احباب کو اجرِ عظیم عطا فرمائے آمین، ثم آمین۔

مجھے اپنی کم علمی اور کم مائیگی کا بھرپور احساس ہے۔ بس اللہ رب العزت کے حضور دعا گو ہوں کہ یہ نعتیہ مجموعہ ''خواب مکرمؐ کے'' جو میری پہلی کاوش ہے، بارگاہِ الٰہی اور بارگاہِ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں شرفِ قبول پائے اور میرے لئے ذریعہ نجات بنے۔ آمین، ثم آمین۔

آپ کی حوصلہ افزائی اور دعاؤں کا مستحق۔

محمد مشتاق قادری

پوسٹ بکس نمبر 4283

الضاۃ -کویت


ٹیلی فون برائے رابطہ: 6607297

Marfat.com

Marfat.com





Marfat.com




النحل يكتب لفظ الجلالة بأقراص العسل بالحروف العربية

Marfat.com



Marfat.com


بسم الله الرحمن الرحيم
وضع للناس للذي
ايت بينت مقام
من استطاع اليه
صدق الله العظيم
سورة آل عمران

Marfat.com

# دُعَاءٌ

يارب.. إذا أعطيُتنى مَالاً
فَلا تَأخُذ سَعَادَتى

وَ إذا أَعطيُتنى قُوَّةً
فَلا تَأخُذ عَقلِى

وَ إِذا أعطيُتنى جَاهًا
فَلا تأخُذ تواضُعِى

وَ إذا أَعطيُتنى تواضُعًا
فَلا تَأخُذ عِزّتِى

وَ إذا أعطيُتنى قُدُرةً
فَلا تَأخُذ عَفوِى

Marfat.com

# دُعا

میرے رب نے مجھ پر کرم کر دیا
زِ ملت مجھے سرگرم کر دیا

کروں شکر میں اپنے رب کا ادا
ہوا للنبی ﷺ سجدہ سب کا ادا

لکھائی میں طیبہ کا رنگ آ گیا
مجھے نعت لکھنے کا ڈھنگ آ گیا

مجھے نعت سے روشنی مل گئی
عبادت کو بھی چاشنی مل گئی

خدا سے ہے مشتاقؔ کی یہ دُعا
مدینہ ہو ڈُکتر کا ڈیرا سدا

---

ڈُکتر بمعنی ڈاکٹر

Marfat.com

# جل شانہ
# حمدِ باری تعالیٰ

Marfat.com

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

حمد تمہاری اِس دل کے ہے پیشِ نظر
کُنْ فَیَکُون سے تُو نے بنائے شمس و قمر

پھل، پھلواری، بیل اور بوٹے چمن چمن
اِک دانے سے تو نے اُگائے کتنے شجر

ارض و سما میں جو کچھ بھی ہے تیرا ہے
تیری ہی تسبیح کریں سب شجر و حجر

آسمان پر نازل ہوئی کتاب اللہ
قدر کی شب میں، جو یک بارگی مگر

Marfat.com

دنیا کو یٰسین و مزمل کہہ کے بتائے
یہ میرا نائب ہے جہاں میں پَر ہے بشر

اُس کی ادا پر قسمیں کھانا قرآں میں
وہ مکہ ہو یا سوئے مدینہ محو سفر

بے شک مستغنی ہے تو، لیکن کعبہ
قبلہ بنا دیتا ہے، مکرمؐ چاہے اگر

تیرا کرم بے حد ہے، وعدہ اُن سے کیا
کہ تیری اُمت کو نہیں پہنچے گا ضرر

بس یہ دعا مشتاق کی ہے کر قلم عطا
لکھتا رہے توصیف تمہاری شام و سحر

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

تجھ کو معلوم ہے میں دیوانہ ترا
میرے ہونٹوں پہ ہے بس ترانہ ترا

آسماں پر، زمیں پر کہ کعبے میں ہے
جان پایا نہ کوئی ٹھکانا ترا

پہلی تخلیق آخر میں بھیجی گئی
ہر زمانہ ہوا ہے زمانہ ترا

یوں تو ہر شئے ہے تیری بنائی ہوئی
رحمتوں کا محمد ﷺ خزانہ ترا

فتدلّٰی ہو قاب قوسین ہو
ہر جا انداز ہے محبوبانہ ترا

Marfat.com

کہہ دیا تو نے "تبّت یدا" بی لہب
منکروں پر رہا ہے نشانہ ترا

وقتِ معراج جبریلؑ پیچھے رہے
دید مشتاق تھا اِک بہانہ ترا


Marfat.com

رسول صادق

شاهنشه ارض و سما بلغ العلی بکماله
وصف رخ او والضحی کشف الدجی بجماله
قرآن با خلق خوش گواه حسنت جمیع خصاله
صدق ابتدا را انتها صلوا علیه و آله

کتبه تاج الدین زرین رقم ۱۳۹۰

Marfat.com


بسم الله الرحمن الرحيم
إن الله وملائكته يصلون على النبي
يا أيها الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما
سورة الأحزاب
صدق الله العظيم

Marfat.com

Marfat.com

# نعت

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# رسولِ مقبول

Marfat.com

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

خواب مکرمؐ کے ہر آنکھ میں ہوتے ہیں
لوگ اُن کی تعبیر کو اکثر روتے ہیں

زیست کی اُجلی تختی کے کچھ میلے داغ
صرف ندامت کے آنسو ہی دھوتے ہیں

یادِ نبیؐ میں چپکے چپکے بہہ جائیں
اشک میرے دامن میں کہاں سموتے ہیں

ذکرِ رسولؐ میں گزریں جن کے لیل و نہار
وہ برزخ میں چین کی نیندیں سوتے ہیں

Marfat.com

مل سکتی ہے کب جنت اُن لوگوں کو
جو عصیاں کے کانٹے جگ میں بوتے ہیں

آپؐ کی رحمت سے ہی پار لگے ورنہ
عصیاں کے منجدھار میں ملتے غوطے ہیں

اُنؐ کی سنہری جالی سنگ چلتے پھرتے
ہار درودوں کے مشتاق پروتے ہیں

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

ہے سارا قرآن نعت اُنؐ کی
"لَبِثْتُ فِیْکُم" حیات اُن کی

برائے اُمت بہائے آنسو
فدا ہوئیں ذرِّیات اُن کی

نظر میں آقاؐ کے دونوں عالم
ہتھیلیوں پر جہات اُن کی

وہی معلم، وہ مبلغ
دلوں پہ ہے نقش بات اُن کی

Marfat.com

مقام احمدؐ بلند و بالا
بیاں ہوں کیسے صفات اُنؐ کی

ہے "مَن رَأنی" بھی قول سرورؐ
"مِرَأةُ الحَقُ" ہے ذات اُنؐ کی

تھی اِسریٰ کی شب جو بہر اُمت
ہوئی تھی خالق سے بات اُنؐ کی

خدا نے مشتاق پوری کی ہیں
تمام تر خواہشات اُنؐ کی

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

اہلِ دِل کیوں مَلُول ہوتے ہیں
جب ہمارے رسولؐ ہوتے ہیں

چاند تارے، وَلی قطب اور غوث
اُن کے قدموں کی دُھول ہوتے ہیں

ساری دنیا کے واسطے رحمت
صرف اپنے رسولؐ ہوتے ہیں

راہ اسلام میں گلوں کے ساتھ
بُوجَہل سے بَبُول ہوتے ہیں

Marfat.com

جد امجد کے دین پہ قربان
نونہال بتول ہوتے ہیں

لکھنے بیٹھے کوئی ثنائے رسولؐ
شعر خود ہی نزول ہوتے ہیں

سرورِ دیں کی یاد سے معمور
باوفا، با اُصول ہوتے ہیں

جو نچھاور ہوں دین احمدؐ پر
اُن کی تُربت پہ پھول ہوتے ہیں

اُن کے دَر پہ ذرا سلامی دو
وہاں جذبے قبول ہوتے ہیں

محفلِ نعت سے جو کترائیں
آدمی وہ فضول ہوتے ہیں

ہم ہیں مشتاق اُن کے جلووں کے
دیکھئے کب حصول ہوتے ہیں

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

جب یادِ مصطفیٰؐ بسی قلبی دَمی دَمی
رفتارِ یاسیت میں بھی آنے لگی کمی

ذکرِ رسولؐ پاک سے ہے روح تک کھلی
خوشیوں نے گھر بنا لیا دل سے گئی غمی

آئے گا خوف کس لئے پھر پُل صراط کا
رحمت بھی حق ہے آپ کی، حق دار ہمی

دیتے نہیں حضورؐ یہ جن کا خیال ہے
گمراہ ہو گئے ہیں، یہی لوگ ہیں عمی

بہکا سکے گا کیا مجھے ابلیس اَب کبھی
میری نظر کے تیر مسلسل کریں رَمی

Marfat.com

آیا ابھی خیال میں کوثر کا جام ہے
جس سے یہ میری تشنہ لبی ہے تھمی تھمی

صحرا کی طرح خشک تھا مشتاق لیکن اَب
عشق محمدیؐ سے ہے دل میں بڑی نمی

Marfat.com

# قطعہ

نبیؐ ہمارے کہ دو جہاں میں جو نورِ وحدت ہیں بن کے آئے
جو بشریت کا لبادہ اوڑھے خدا کی رحمت ہیں بن کے آئے

خدا کرے بارگاہِ رحمت میں شرفِ مقبولیت وہ پائیں
جو آنسو آنکھوں کی پتلیوں میں نشانِ اُلفت ہیں بن کے آئے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

چلو چلیں کہ وہاں تخیل، سب کا اطہر رہتا ہے
جہاں وہ مکی مدنی دلبر محبوبِ اکبر رہتا ہے

میں تو مدت سے ہوں خادم اُن متوالوں کا ہی جن کا
شہر مدینہ میں بھی آنا جانا اکثر رہتا ہے

مجھ کو بھی ممدوحِ یزداں سے ہے بہت زیادہ اُلفت
یاد میں اُنؐ کی دامن میرا آنسوؤں سے تر رہتا ہے

ہے جو فقیر کوچۂ احمدؐ اُس کی بات نرالی ہے
شاہوں کی بستی میں بھی وہ بن کے افسر رہتا ہے

Marfat.com

نقشِ قدم سرکارؐ کا جس نے تاج بنایا اپنے سر کا
بندہ وہی توقیر سے دنیا میں کچھ بن کر رہتا ہے

دنیا بھری رہی نبیوںؑ سے یہ بھی عین حقیقت ہے
ختم نبوت ہوئی ہے جنؐ پر بطحا میں سرور رہتا ہے

رہا متاعِ زیست ہمیشہ ذکر میرے کملیؐ والے کا
ہر دِل میں جو پنہاں رہ کر بات سے اظہر رہتا ہے

نعت نبیؐ سے دِل میں بہاریں آ جاتی ہیں، ورنہ تو
فکر منتشر، آنکھ میں ساون، پت جھڑ گھر گھر رہتا ہے

لکھتا رہتا ہے تو نعتیں لکھتا ہی رہ اپنے آقاؐ کی
یہی کلام تو پہلے سے مشتاقؔ کو ازبر رہتا ہے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

ملے مجھ کو وہ صُفّہ سا ادارہ یارسولؐ اللہ
ہو جس میں آپؐ کا شامل سہارا یارسولؐ اللہ

درِ ارقم کے صدقے ہو بحال اسلام کی عظمت
کہ باطل کا ہوا ہر سُو اجارہ یارسولؐ اللہ

عدوئے دین کی ہے یلغار اب تو چار جانب سے
عطا ہو ڈھال حمزہؓ سی خدارا یارسولؐ اللہ

ہویدا روشنی ہو جائے، ایماں کے میناروں پر
کریں ظلمت کی سرکوبی کا چارا یارسولؐ اللہ

Marfat.com

ہیں گونج اُٹھے فضاؤں میں بھی اَب تکبیر کے نعرے
فلک پر بھی چمک اُٹھے یہ تارا یارسولؐ اللہ

نبوت کی گواہی کو زمیں پر چاند اُترا تھا
کیا جو آپؐ نے اُس کو اشارہ یارسولؐ اللہ

غلام آیا ہوا ہے جو سلامی کے لئے دَر پر
رُخِ زیبا کا ہو جائے نظارہ یارسولؐ اللہ

گئے سب لوٹ کے قدسی دَرِ جنت کو وا کر کے
جو میں نے اُن کی پُرسش پر پکارا یارسولؐ اللہ

تیریؐ رَحمت کی بارش قبر پر مشتاقؔ کی برسے
لحد میں جب اِسے جائے اُتارا یارسولؐ اللہ

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

تَن مَن سجا ہے سجتے سجتے صلِّ علیٰ ہی کہتے کہتے
تری ہی یاد میں کٹی ہے آقاؐ عمر میری یہ کٹتے کٹتے

ڈولتی ہے منجدھار میں ناؤ پار لگے اب بہتے بہتے
خلد کی ہم کو ملی بشارت نامِ محمدؐ جپتے جپتے

یارِ غار بوبکرؓ بنے تھے جان نثاری کرتے کرتے
عمرؓ بنے فاروقِ اعظمؓ درد کے موتی چنتے چنتے

ذی النورین عثمانؓ بنے ساتھ نبیؐ کے رہتے رہتے
حضرت علیؓ بھی بنے صحابی نوری چہرہ تکتے تکتے

Marfat.com

سیرتؐ، سرورِ عالمؐ کی ہے رہنما اَب رَستے رَستے
آپؐ کی رحمت کے صدقے سے زخم بھرے گا بھرتے بھرتے

یثرب، بنا مدینہ بطحا طابہ طیبہ بنتے بنتے
دَر تیرے پہ آن گرا ہوں میں بھی سخیا گرتے گرتے

ملے گی انشاء اللہ اِس کو جزا بھی پڑھتے پڑھتے
جب مشتاقؔ کی عمر ہے گزری حمد و ثنا ہی لکھتے لکھتے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

راہیں سجا کے رکھنا
آہیں دبا کے رکھنا
آنسو بچا کے رکھنا
سرمہ لگا کے رکھنا
ہو دید مصطفیٰ کی
نظریں جھکا کے رکھنا
غم تم چھپا کے رکھنا
دامن بچھا کے رکھنا
مہماں بلا کے رکھنا
محفل جما کے رکھنا
آئیں گے وہ یہیں پر
شمعیں جلا کے رکھنا

Marfat.com

مخزن سخا کے تیرے
بانٹا کریں سویرے
تیری گلی کے پھیرے
بخشیں گناہ میرے
در پر رسول اکرمؐ
اپنے بُلا کے رکھنا

روضے کو جا کے تکنا
یہ بھی مزا ہے چکھنا
جالی کے آگے رہنا
آقاؐ کی نعت لکھنا
طیبہ کی یاد اپنے
دِل میں بسا کے رکھنا

بے بندگی میں جینا
میں بھی چلوں مدینہ
ہو پار یہ سفینہ
یہ دل بنے نگینہ
کملی کے نیچے اپنی
عاصی چھپا کے رکھنا

Marfat.com

دنیا میں اب تو ساری
ندیاں ہیں خوں کی جاری
مخلوق یہ بے چاری
بھوکی ستم کی ماری

اسلام کا اے مسلم
پرچم اُٹھا کے رکھنا

حق کی گلی میں رہنا
ہر اِک کلی سے کہنا
حُبِّ علیؑ میں جینا
ناموس دیں پہ کٹنا

کربل بھی ہو گی بَرپا
سجدے وفا کے رکھنا

راہِ نبیؐ پہ چلنا
نامِ سخی ہی جپنا
جا کر مدینے مرنا
مشتاق کا ہے سپنا

اپنے لبوں پہ یوں ہی
موتی دُعا کے رکھنا

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

دَر پر نبیؐ کے جب کوئی لاچار آ گیا
سمجھو وہ بننے خلد کا حق دار آ گیا

ساقی یہ جام بھر مئے توحید دے مجھے
پیاسا میں آج پھر ترےؐ دربار آ گیا

جھولی بھری ہے رَحمتِ عالم نے اس طرح
میں ناچتا ہوا سرِ بازار آ گیا

دامن گلوں سے سیرتِ نبویؐ نے بھر دیا
رستہ جو زیست میں کبھی پُرخار آ گیا

Marfat.com

سر پر سجا کے تاج الف، لام، میم کا
دونوں جہاں کا بن کے وہ سردار آ گیا

وہ جالیوں کو دیکھ کے کچھ مطمئن ہوا
لے کے جو دل میں خواہشِ دیدار آ گیا

صدیقؓ بن گیا، کوئی فاروقؓ بن گیا
دَر پر جو کوئی اُن کے پرستار آ گیا

اِک پل میں بخش ڈالا ہے اُس کے گناہ کو
جس کے بھی آنسوؤں پہ اُسے پیار آ گیا

سرکار کی مدح ہی تو ہے حاصل حیات
مشتاقؔ لے کے نعتیہ اشعار آ گیا

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

بطحا کو جانے کا موسم آ گیا
جھولی بھر لانے کا موسم آ گیا

عشق احمدؐ کی جو لَو دِل کو لگی
جگمگا جانے کا موسم آ گیا

آؤ دربارِ رسالتؐ کو چلیں
اُن کے گُن گانے کا موسم آ گیا

کعبۃ اللہ کی زیارت کر کے پھر
طیبہ رہ جانے کا موسم آ گیا

Marfat.com

چارہ گر کو جو مدینے میں رہے
زخم دِکھلانے کا موسم آ گیا

چاکری کوئے نبیؐ کی گر ملے
اُس کو اپنانے کا موسم آ گیا

بدر و اُحد کے شہیدوں سے کئے
عہد بَر لانے کا موسم آ گیا

باغِ سلمان فارسیؓ کے سائے میں
خوب ستانے کا موسم آ گیا

آب زمزم جا کے پینا ہے وہیں
عجوہ بھی کھانے کا موسم آ گیا

جھومتا پھرتا ہے گلیوں میں تریؐ
اب تو دیوانے کا موسم آ گیا

لکھیں جو مشتاقؔ نے نعتیں تریؐ
اُن کو دہرانے کا موسم آ گیا

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

آپؐ کی ہو جائے گر دید رسولؐ اللہ
میری بس ہو جائے عید رسولؐ اللہ

جس سے دِل و دماغ بھی روشن ہو جائیں
چمکے سَر پر وہ خورشید رسولؐ اللہ

اے منبعٔ دین، کرو احسان مجھ پر
بخش بھی دو عاصی کو دید رسولؐ اللہ

رنگ یقینی لائے گی روزِ محشر
مِری شفاعت کی اُمید رسولؐ اللہ

Marfat.com

بے دینی ہو جاتی ساری دنیا میں
آپؐ نہ گر لاتے توحید رسولؐ اللہ

کون و مکاں میں بٹتے ہیں الطاف تیرےؐ
کون کرے اِس کی تردید رسولؐ اللہ

کوفہ، کربلا، نجف میں دین ہوا پامال
کی شبیرؓ نے پر تجدید رسولؐ اللہ

خون سے لکھا آلِ عبا نے حرفِ وفا
کربل میں ہی ہو کے شہید رسولؐ اللہ

یوں تو ثنا خواں پتّا پتّا ہے تیراؐ
ہے مشتاق کی یہ تمہید رسولؐ اللہ

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

مظہر ذاتِ کردگار ہیں جو
اَپنے خالق کے رازدار ہیں جو
وہ مزملؐ ہیں، وہ مدثرؐ ہیں
وہی یٰسینؐ ہیں، نور پیکر ہیں
وہی محبوبِ رب اکبر ہیں
یعنی قدرت کا شاہکار ہیں جو
آدمؑ و عیسیٰؑ و خلیلؑ اور ذبیحؑ
کرتے ہیں جن کے نام کی تسبیح
بَن کے آئے ہیں وہ ہمارے مسیح
دَردِ اُمّت سے اشکبار ہیں جو

Marfat.com

آئے دنیا میں ایک لاکھ و کئی
رب تعالیٰ کے ہیں وہ پیارے سبھی
لیکن اُن میں ہیں ایک خاص نبیؐ

سارے نبیوںؑ کے تاجدار ہیں جو

روح، دِل کی ہیں آپ ہی تنویر
یعنی قرآن پاک کی تفسیر
وہی محبوبِ مالکِ تقدیر

نور اللہ کی بہار ہیں جو

کوئی عادل، کوئی عدیل اُن سا
کوئی دیکھا نہیں جمیل اُن سا
کوئی آیا نہیں مثیل اُن سا

شبِ اسریٰ کے شہسوار ہیں جو

ہدیۃً نذر ہے کلام اُن کو
رَبّ نے بخشا بڑا مقام اُن کو
پیش کرتا ہوں میں سلام اُن کو

سب رسولوں کے شہریار ہیں جو

میرے آقا، وہی ہیں شاہ میرے
ہیں جو مشتاق خیر خواہ میرے
خوب اُن کی ہے دِل میں چاہ میرے

غم کے ماروں کے غمگسار ہیں جو

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

لکھا ہوا ہے جو قرآن میں پڑھائیں گے
نبیؐ کی جو ہے شریعت وطن میں لائیں گے

علم دیوانوں امامت کا لے کے ہاتھوں میں
چلو کہ شمع رسالتؐ جلاتے جائیں گے

وہ جن کی آنکھوں میں کچھ خواب ہوں مکرمؐ کے
کہاں وہ دِل میں کسی غیر کو بسائیں گے

وہ جو بھی آلِ نبیؐ کے ہیں چاہنے والے
جگر کے خون سے لاکھوں دیے جلائیں گے

جو پھر سے آئے بوجہل اور یزید کوئی
تو مومنین اُنہیں کربلا بلائیں گے

Marfat.com

پہنچ کر طیبہ بھی سرکار مکی مدنی کو
کہانی غم کی جو ہے رو کے ہم سنائیں گے

تجھے بھی روزِ قیامت اے تشنہ لب مشتاق
کرم سے جرعۂ کوثر، نبیؐ پلائیں گے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

حالانکہ انتظار میں یہ کائنات ہے
"دیدارِ مصطفےٰ تو مقدر کی بات ہے"

تم جو درِ رسولؐ کے دیدار کو چلے
غفلت کی تیرگی کی اندھیرے کی مات ہے

ہوں بال و پر تو اُڑ کے مدینے پہنچ سکوں
جو عاصیوں کے واسطے شہرِ نجات ہے

نکلے ہیں اَشک میرے تو ایسا لگا مجھے
اَب آخری ڈگر پہ یہ فرقت کی رات ہے

Marfat.com

طیبہ میں موت آ گئی تجھ کو خوشا نصیب
تقویٰ ہے اور نہ اِس میں عبادت کا ہات ہے

دربار میں رسائی تو قسمت سے ہو گئی
تفریق شہریت ہے نہ ہی ذات پات ہے

دیوانہ وار پھرتا ہوں بطحا میں کُو بہ کُو
بے خود ہے دِل تو آنکھ سے جاری فرات ہے

اَب سَر کے بَل تو گنبد خضراء کا کر طواف
کہ دُوری مدینہ بھی بارِ حیات ہے

جو کچھ ملے مدینے سے مشتاقؔ لے کے چل
طیبہ کی خاکِ پاک بھی اعلیٰ صفات ہے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

جب سے نبیؐ کی دید ہوئی دِل ہے باغ باغ
اِس دِل میں اُنؐ کی یاد کے روشن ہوئے چراغ

دیوانہ وار پھرتا ہوں صحرا میں چار سُو
شاید کہ مِل ہی جائے کسی راہ کا سراغ

جھلسا رہی تھی دھوپ ہر اِک برگ و بار کو
ابرِ کرم جو برسا، ہوا نم ہر ایک باغ

پروانہ جَل کے راکھ ہوا، تھی ذرا سی جاں
"اتنی ذرا سی بات پہ برہم ہوئے چراغ"

دو چار دِن کی زِیست ہے مشتاقؔ مغتنم
دامن سے اپنے دھو لو گناہوں کے سارے داغ

Marfat.com

## نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

گو طلاطم سے بھی پیار اُسؐ نے کیا
ڈوبتوں کو تھاما، پار اُسؐ نے کیا

بدر کا میداں بحکم ایزدی
لکڑیوں سے بھی تو وار اُسؐ نے کیا

ختم کرنے کو زمانے کے یزید
ہم کو مردِ کارزار اُسؐ نے کیا

اپنے اوصاف حمیدہ کے طفیل
دشمنوں کو بھی تو یار اُسؐ نے کیا

Marfat.com

دستِ قاتِل سے گِری تلوار جب
پھر نہتے پہ نہ وار اُسؐ نے کیا

ظلم، ناداں جس پہ گو ڈھاتے رہے
پر کرم ہی بار بار اُسؐ نے کیا

رحمتِ عالم کے مَیں قربان جاؤں
ہر خزاں کو پُر بہار اُسؐ نے کیا

کتنے پیاسوں نے بجھائی تشنگی
کاسۂ بحرِ بے کنار اُسؐ نے کیا

معترف مشتاقؔ جس کا ہے جہاں
رحم اُس پر بے شمار اُسؐ نے کیا

Marfat.com

## نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

اُنؐ کی چاہت میں یار پھرتے ہیں
چار سُو دِل فگار پھرتے ہیں

جن کے دِلؑ میں نہیں ہے عشقِ نبیؐ
ہو کے بدنام و خوار پھرتے ہیں

مصطفیٰؐ کے فدائی دنیا میں
اب بھی دیوانہ وار پھرتے ہیں

جام اُن کو عطا ہو نظروں کا
تشنہ لب بے قرار پھرتے ہیں

Marfat.com

دیکھ لیتے ہیں جو ترا روضہ
بن کے رشکِ بہار پھرتے ہیں

درِ احمد پہ صبح و شام جھکیں
جو ملائک ہزار پھرتے ہیں

اُن کی رحمت کے جو ہیں دِلدادہ
لے کے مشتاق پیار پھرتے ہیں

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

دیتا ہے ذرّہ ذرّہ شہادت حضورؐ کی
دنیا میں بے مثال عبادت حضورؐ کی

تارے زمیں پر اُترے تھے لینے کو روشنی
جس صبح کو ہوئی تھی ولادت حضورؐ کی

چھپر حلیمہ کا بنا رَشکِ ملائکہ
سبحان اللہ ہے یہ سعادت حضورؐ کی

جبریلؑ نے لگائے علم شرق و غرب میں
جس وقت کہ ہوئی تھی ولادت حضورؐ کی

Marfat.com

دو نیم ہو کے پھر سے قمر ایک ہو گیا
اُٹھی تھی جب انگشتِ شہادت حضورؐ کی

تھے معرکے جو سر کئے بدر و حنین کے
دنیا بھی مانتی ہے قیادت حضورؐ کی

مشتاق انبیاءؑ و رسلؑ بھی گواہ ہیں
ہے مستند ازل سے سیادت حضورؐ کی

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

رُخ پہ جب سُنّت سجائی ہے نبیؐ سرکار کی
چومنے رحمت بھی آئی ہے نبیؐ سرکار کی

آب، ستو، جو کی روٹی یا کھجوریں تھی غذا
گرچہ دنیا یہ خدائی ہے نبیؐ سرکار کی

آج بھی مدفون ہے سوکھا تنا منبر تلے
سہہ سکا نہ جو جدائی ہے نبیؐ سرکار کی

کچھ نہ پوچھا تھا نکیروں نے خوشی سے چل دیئے
نعت بس اُن کو سنائی ہے نبیؐ سرکار کی

Marfat.com

وہ نہیں مرعوب ہوتا تاج ور سے بھی کبھی
جس کی قسمت میں گدائی ہے نبیؐ سرکار کی

کھودتے خندق رہے تھے پیٹ پر پتھر بندھے
عرشِ اعظم تک رسائی ہے نبیؐ سرکار کی

مصر، شام، ایران کے شاہوں کو بھجوائے خطوط
تخت سلطانی چٹائی ہے نبیؐ سرکار کی

سامنے آئے فرشتے بھی اگر روزِ جزا
ہم نے دے دینی دُہائی ہے نبیؐ سرکار کی

ظاہر و باطن ہوا روشن کہ جب مشتاقؔ نے
لکھ کے کی مدحت سرائی ہے نبیؐ سرکار کی

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

پروانے جب عشق میں آہیں بھرتے ہیں
جان شمع پہ اپنی نچھاور کرتے ہیں

لذت ایماں پانے والے سب عاشق
جابر، ظالم، حاکم سے کب ڈرتے ہیں

گنبدِ خضراء دیکھنے والے پھر ہر دم
چشمِ تصور میں بھی مدینہ پھرتے ہیں

گھائل عصیاں کے دیوانہ وار سدا
نامِ پیاؐ کا مرہم، زخم پہ دھرتے ہیں

Marfat.com

صاحب قرآں سے ہے ناطہ جوڑ لیا
اَب ہم نامِ نبیؐ پر جیتے مرتے ہیں

آل نبیؐ، اولادِ علیؓ کی اُلفت میں
ڈوبے سفینے بھی اُس پار اُبھرتے ہیں

دوشِ نبیؐ پر چڑھنے والے شہزادےؓ
نیزوں پہ قرآں کی تلاوت کرتے ہیں

جن کی حفاظت خود مشتاق کرے اللہ
وہ نارِ نمرود سے پھر کب ڈرتے ہیں

Marfat.com

## نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

محفل میں جب کسی سے کبھی گفتگو رہی
بس سیرت نبیؐ ہی میرے روبرو رہی

آنکھوں میں میری گنبد خضراء سدا رہا
دِل میں بھی آپؐ ہی کی سدا آرزو رہی

دنیا یہ رونقیں بھی بہت خوب ہیں مگر
تجھ سے گلی ہی طیبہ کی پر خوبرو رہی

پامال قوم ہوتی رہی خامشی سے کیوں
''اِک سِل تھی برف کی جو میرے روبرو رہی''

Marfat.com

اِس زندگی میں آپؐ کے صدقے ہی یا نبیؐ
ہر دور، ہر جگہ پہ میری آبرو رہی

کہنے کو یوں تو سارا زمانہ بدل گیا
اِک عظمت نبیؐ ہے جو بس ہوبہو رہی

مشتاقؔ کفر و شر کو مٹانے کے واسطے
شیطانیت سے جنگ سدا دوبدو رہی

Marfat.com

## قطعہ

جیتا رہوں محمدؐ سرکار کی گلی میں
دیکھوں نصیب کی حد سرکار کی گلی میں

مشتاقؔ کی تمنّا پوری اگر ہو یاربّ
بَن جائے یہ بھی سَرمَد سرکار کی گلی میں

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

میری قسمت میں اگرچہ معرفت کا جام ہے
جو سکونِ جان و دِل ہے مصطفیٰؐ کا نام ہے

آدمؑ و عیسیٰؑ نے بھی لوگوں کو تھا فرما دیا
کہ بتوں کی پوجا کرنا خارج از اسلام ہے

اقصیٰ میں جبریلؑ بولے انبیاءؑ سے کہ اُٹھو
اِس امام المرسلینؐ کا آج فیض عام ہے

جس کے آگے پیڑ، پتھر تک بھی سجدہ ریز ہوں
روز و شب صلوٰت پڑھ، اللہ کا پیغام ہے

Marfat.com

ہو گئے برباد یوں فرعون بھی نمرود بھی
رَبّ کے باغی کا سدا ہوتا یہی انجام ہے

سرفروشی کے لئے آتے نہ کیوں باندھے کفن
بدلے جنت کے ہوا جاں باز کا نیلام ہے

کھول دے ابواب رحمت ہے دُعا مشتاقؔ کی
مدحت احمدؐ میں جو مشغول صبح و شام ہے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

رُک گئے جبرائیلؑ جہاں پر عرش کا وہی کنارا ہے
قابَ قوسین تلک جو پہنچا، وہ بس نبیؐ ہمارا ہے

ازل سے فائدہ بخش ہے جو، حُبِّ نبیؐ وہ سودا ہے
اِس دولت سے محرومی ہی تو، عین خسارا ہے

آپؐ کی رحمت نے تھاما ہے بڑھ کر ہمیشہ مشکل میں
نبیؐ جی ہم نے ''ادرکنی'' پھر کہہ کے آج پُکارا ہے

نور ہی نور ہوا کرتا ہے ہالہ بن کے چار طرف
جب بھی خود کو جنت کی وادی میں ہم نے پسارا ہے

Marfat.com

حُسنِ محمدؐ کا صدقہ ہے جو بھی ہے تخلیقِ خدا
حُسنِ بشر پھر دو عالم کی ہر اِک شئے کو سنوارا ہے

فرش سے لے کر عرش تلک اُس رحمت نے ڈھانپ لیا
حرم سے چلنے والی ہوا نے روپ سہانا دھارا ہے

طُور کو جلتا دیکھ کے شاید موسیٰؑ بھی یہ جان گئے
جلوۂ حق کی کرے تمنا جس میں تابِ نظارا ہے

خبر ہے اِس کی آپؐ کو سب کچھ اشک بھلا بتلائیں کیا؟
آپ کے اِس مشتاقؔ کو آقاؐ کس کس درد نے مارا ہے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

چلے پھر ہوا کے جھونکے گلوں کے لئے تبسم
ہے نبیؐ کے واسطے ہی بخدا حسین ترنم

ہے ہمارا دیں ہی کامل جو زمانہ کہہ رہا ہے
پھر کس لئے مسلماں یہ فریب سہہ رہا ہے

نہ گُلوں کے رنگ و بُو میں نہ چمن میں دلکشی ہے
میری چشم تَر میں بستی کیا مدینے کی بسی ہے

جانے کتنی صدیاں بیتیں ہیں دُعائیں کرتے کرتے
کہ نبیؐ جی مِل ہی جاتے یونہی رہ میں آتے جاتے

Marfat.com

لو برس رہے ہیں بادل چھما چھم خوشی سے
کہ میلاد کی ہے صبح ذرا پوچھ لو کسی سے

گر پتا جو اتنا ہوتا وہ رکیں گے طیبہ جا کر
پھول میں بھی پیش کرتا خدمت میں بطحا جا کر

مشتاق اُن کے در کا کریں جب طواف نظریں
کئی ڈوبتے دِلوں کو عطا ہوں نئی مرادیں

Marfat.com

# قطعہ

نامِ محمدؐ جپنا مجھ کو اچھا لگتا ہے
گنبد خضراء تکنا مجھ کو اچھا لگتا ہے

مشتاقؔ مجھے یہ دنیا والے کیا جانیں
نعت نبیؐ ہی لکھنا مجھ کو اچھا لگتا ہے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کام خادم کا زمانے سے جُدا ہوتا ہے
سجدہ اُس کا درِ آقاؐ پہ ادا ہوتا ہے

المدد سیدی مولائی پکارے جو بھی
مصطفےٰ حامی و ناصر بخدا ہوتا ہے

عاشقِ مصطفویؐ کوچہٗ جاناناں پر
ہر گھڑی جان سے اور دِل سے فِدا ہوتا ہے

درِ احمدؐ کا گدا ہوتا ہے دراصل امیر
دو جہاں میں وہ غنی سب سے سوا ہوتا ہے

نبیؐ اللہ کو قرآن کو رکھ پیشِ نظر
فکر فردا بھلا مشتاق پہ کیا ہوتا ہے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

یہ وظیفہ ہے میرا، یہ کام ہے
ذکر تیراؐ لب پہ صبح شام ہے

بُت گِرے کعبے میں آمد پر تیری
کفر میں برپا ہوا کہرام ہے

جتنے تھے آتش کدے ٹھنڈے ہوئے
یہ خدائے پاک کا اکرام ہے

چودہ کنگرے محل کسریٰ کے گرے
رات کالی کا ہوا انجام ہے

Marfat.com

دیکھتے ہی کفر کے بادل چھٹے
سر پہ جو سایہ فگن اسلام ہے

وہ جو دشمن تھے بنیں گے دوست سب
کہ محبت کا چلن اب عام ہے

دولتِ حُبِّ نبیؐ جو مل گئی
مِل گیا مشتاقؔ کو انعام ہے

Marfat.com

اب تعلق جوڑ لے، اللہ کے دِلدار سے
کچھ نہیں تو پائے گا، دُنیا میں دنیادار سے

ہے اگر نسبت جو تیری احمد مختار سے
ڈر نہ پھر مشتاقؔ عصیاں کے بڑے انبار سے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

میں کہ حالاتِ کوئے حرم لاؤں گا
پاسداریِ شاہِ، اُمم لاؤں گا

صرف دھرتی نہیں دِل بھی روشن کرے
آسماں سے ضیائے ارم لاؤں گا

کر کے منت سماجت مدینہ سے میں
اک خزینۂ رحم و کرم لاؤں گا

ہر بشر کا ہو گھر ایک جنت نما
میں وہ سوغاتِ ملک عدم لاؤں گا۔

Marfat.com

لو سنو ظالمو، غاصبو غور سے
میں بھی اِک دن جوابِ ستم لاؤں گا

وہ جو اسلام دھرتی پہ نافذ کرے
اِک وہی رہنما محترم لاؤں گا

جن کی تقلید ہو توشۂ آخرت
ایسے مرغوب نقشِ قدم لاؤں گا

چھپ سکیں گے کہاں دِل کے حالات یہ
اَشک مژگاں پہ میں دَم بدم لاؤں گا

وہ جو مشتاقؔ لکھے ثنائے نبیؐ
ڈھونڈ کر وہ انوکھا قلم لاؤں گا

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

اُلفت میں شاہِ دین کی جو نم ہوئے چراغ
روشن یہ شامِ عشق کے باہم ہوئے چراغ

خود کو جلا کے دینِ محمدؐ کو دی جِلا
اِس دَورِ پُرفتن میں بھی کب کم ہوئے چراغ

لَو دیں کی کب بجھا سکی آندھی یزید کی
قتلِ حسینؓ سے بھی نہ مدھم ہوئے چراغ

ہم سے تقاضا کرتی ہے ہر روز کربلا
خوں سے جلاؤ پھر جو یہاں کم ہوئے چراغ

یادِ رسولِ پاکؐ میں مشتاق جو جلے
وہ آندھی و طوفان میں نہ خم ہوئے چراغ

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

اشرف المخلوق ہے یہ بندۂ حق فخر ہے
مہ محمدؐ کے اشارے پر ہوا شق فخر ہے

نفسا نفسی کا ہے عالم اور برپا حشر ہے
اب شفاعت کے لئے کس کو ہے تکتا حشر ہے

رحمتوں کی ہو گی اب برسات چھایا ابر ہے
کفر کو ہونے لگی ہے مات چھایا ابر ہے

یا نبیؐ جی آپؐ کی ہر بات درسِ صبر ہے
آپؐ کا ہر ایک دن اور رات درسِ صبر ہے

Marfat.com

پایا قربانی سے ابدی زندگی کا اجر ہے
ملتا حُبِّ مصطفےٰؐ سے بندگی کا اجر ہے

مرجع دنیا مدینے میں نبیؐ کی قبر ہے
فیض جاری ہے جہاں سے وہ اُسیؐ کی قبر ہے

کر وضو اللہ سے کر لے بات وقت فجر ہے
خیر سے گزری مشتاق رات، وقت فجر ہے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

دو جہاں پر مصطفیٰؐ ہی کی حکومت ہے امر
ہر جگہ ہر لحظہ کی جو بھی کرامت ہے امر


اُن کے استقبال کو بھی چل کے آتا تھا شجر
اور پھر قدموں پہ آ کر سر جھکاتا تھا شجر

حسن احمدؐ دیکھ کر شرما گئے، نجم و قمر
نور کی خیرات اُس سے پا گئے، نجم و قمر


جس سے قسمت جاگی اُمت کی وہی خیر البشر
بن کے آیا دو جہاں میں وہی نبیؐ خیر البشر

رحمتوں کی ہو گئی برسات آیا ہے ثمر
جھولی بھر لے تو بھی اے مشتاقؔ بٹتا ہے ثمر

Marfat.com




Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

غلبہ اسلام نصاب مدینے کا
پورا ہو گا اب یہ خواب مدینے کا

رحم و کرم و عفو و درگزر اب بھی
ہے بے حد اور بے حساب مدینے کا

جھولی پھیلا کر تو دیکھ اس دھرتی پر
سند یافتہ ہے ایجاب مدینے کا

سبز گنبد مینار و جالی اور محراب
ہر منظر ہے ہوا عجاب مدینے کا

Marfat.com

نور ہی نور ہے ہر سو پھیلا نوری، کا
کب سے جلے چراغ جناب مدینے کا

لا اُقسِمُ بِھٰذَاالبَلَدُ کہا رب نے
کیسا تھا اُس وقت شباب مدینے کا

عظمت و رفعت کے ہی ہر سو چرچے ہیں
پڑھ تو بھی ہر صفحہ کتاب مدینے کا

یکسر اُس کی پلٹ گئی ہے کایا ہی
جس نے بھی ہے سنا خطاب مدینے کا

چشم بصیرت کھُل گئی ہے مشتاق مری
بن گیا میں بھی ابوتُراب مدینے کا

Marfat.com

# حصہ انگلش

## (رائمنگ ورڈز)

Marfat.com

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

سارے جہاں نے مجھ کو جو ریجیکٹ ہے کیا
پر مصطفیٰؐ کے در نے نہ نگلیکٹ ہے کیا

ستر مرے تھے طُور پہ موسیٰؑ ہوئے بے ہوش
رب کی تجلیوں نے جو رفلیکٹ ہے کیا

اسلاف کے طفیل ہے، یہ عمر جاوداں
عشق نبیؐ کو مجھ میں جو انجیکٹ ہے کیا

قربان جاؤں اُنؐ کی عنایت پہ لاکھ بار
پہلے بکھرنے سے مجھے کولیکٹ ہے کیا

Marfat.com

ہر چیز مِل گئی مجھے دونوں جہان کی
آقائے دو جہاں سے جو کنٹیکٹ ہے کیا

ذِکرِ رَسُولؐ سے چمک افکار کو ملی
احباب نے بھی شعروں کو کوریکٹ ہے کیا

یادِ مدینہ میں میری آنکھیں جو نم ہوئیں
یہ گنبد خضراء نے ہی ایفیکٹ ہے کیا

میری بساط کیا تھی، میری کیا مجال ہے
مجھ سے گدا کو آپؐ نے پرفیکٹ ہے کیا

مشتاقؔ تم کو بھی ہو مبارک حضورؐ نے
اپنی ثنا کے واسطے سلیکٹ ہے کیا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نظر انداز کرنا | نگلیکٹ | Neglect | مسترد کرنا | ریجیکٹ | Reject |
| ٹیکہ لگانا | انجیکٹ | Inject | منعکس کرنا | ریفلیکٹ | Reflect |
| ربط/تعلق | کنٹیکٹ | Contact | اکٹھے کرنا | کولیکٹ | Collect |
| اثر کرنا | ایفیکٹ | Effect | درست کرنا | کوریکٹ | Correct |
| منتخب کرنا | سلیکٹ | Select | ٹھیک کرنا | پرفیکٹ | Perfect |

Marfat.com

# رمضان کے صدقے

جنت کے کھلے ''گیٹ'' ہیں رمضان کے صدقے
کم سب کے ہوئے ''ویٹ'' ہیں رمضان کے صدقے

بڑھ چڑھ کے ادا کرتے ہیں فطرانہ و صدقہ
اس کام میں سَو ''میٹ'' ہیں رمضان کے صدقے

عصیاں سے صبح و شام جو کرتے تھے محبت
کرنے لگے سب ''ہیٹ'' ہیں رمضان کے صدقے

حصہ لو میرے ساتھیو! یاں سیل لگی ہے
کم نیکیوں کے ''ریٹ'' ہیں رمضان کے صدقے

Marfat.com

افطاری کی خاطر ہی پھلوں کی یہ ڈشیں ہیں
رکھی ہوئی کچھ ''ڈیٹ'' ہیں رمضان کے صدقے

پڑھتے ہیں تراویح بھی رکھتے ہیں جو روزے
خوش بخت ہیں گڈ ''فیٹ'' ہیں رمضان کے صدقے

آ جاتے ہیں روزانہ جو محفل کو سجانے
مشتاق جی کچھ ''لیٹ'' ہیں رمضان کے صدقے

---

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وزن | ویٹ | Waight | دروازے | گیٹ | Gate |
| نفرت | ہیٹ | Hate | ساتھی | میٹ | Mate |
| کھجوریں | ڈیٹ | Date | قیمت | ریٹ | Rate |
| متاخر | لیٹ | Late | نصیب/قسمت | فیٹ | Fate |

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

مسلم ہر ایک رنگ میں آقاؐ کا فین ہے
دیوانہ رسولؐ ہی دراصل مین ہے

بس کامل اسلام کا ہی ٹھیک رینج ہے
جس جا پہ ہر بشر کا دِل ہو جاتا چینج ہے

بندہ شہید ہو کے جو بھی رائز ہو گیا
حاصل اُسے بہشت کا پرائز ہو گیا

برزخ سے حاصل ہو گیا ٹوکن ہے مرحبا
جنت کا گیٹ ہو گیا اوپن ہے مرحبا

حاصلِ درِ نبیؐ کا جس کو چین ہو گیا
مشتاق اُسے دیدار بھی اگین ہو گیا

---

رسائی ''رینج'' Range آدمی ''مین'' Man دیوانہ فین Fan
کھلنا ''اوپن'' Open ٹوکن/سکہ ''ٹوکن'' Token انعام ''پرائز'' Prize

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

طیبہ کی ہے گلی منور ''گول'' بنا لو دوستو
جنت کے گولوں کی خاطر ''پول'' بنا لو دوستو

حُبِّ نبیؐ کو اپنا کر اِس مُردہ دِلی کو ختم کرو
اور بھٹکتی روح کو فائن ''سول'' بنا لو دوستو

اپنے اِس خود ساختہ خول سے باہر آؤ اور دیکھو
چھوٹی زیست کا پاکیزہ اِک ''رول'' بنا لو دوستو

منصب ہے جو بشر کی خاطر وہ ہے فقط امامت ہی
بکھری ہوئی امت ہے ساری ''ہول'' بنا لو دوستو

عرض ہے اِک مشتاق کی اس کو لِللہ غور سے سن لیجئے
زندگی جو انمول ہے اُس کو ''مول'' بنا لو دوستو

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

یہ نفرتوں کی آگ دھری کولڈ کیجئے
نہ اِس طرح جناب مجھے بولڈ کیجئے

مضبوط ہو گا آپ کا ایمان اس طرح
حُبِّ نبیؐ سے تارِ ہنر سولڈ کیجئے

طالب ہیں جو نجات کے اُن سے یہ عرض ہے
کوچۂ مصطفےٰؐ میں ذرا ہولڈ کیجئے

جنگل عداوتوں کا ہے پھیلا گلی گلی
اِن بدگمانیوں کو ابھی فولڈ کیجئے

Marfat.com

بڑھ چڑھ کے ساتھ دیجئے محفل سجائیے
ذکرِ رسولؐ پاک کو نہ اولڈ کیجئے

پیدا ہو جس سے دِل میں محبت حضورؐ کی
افکار کو اِس طرح سے سبھی مولڈ کیجئے

مشتاقؔ زندگی بھی بڑی مختصر سی ہے
سیرت نبیؐ کی پڑھ کے اِسے گولڈ کیجئے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

نبوت کا جو ٹاور ہے
درخشاں ہے مناور ہے

دیا جس نے سکوں سب کو
تیریؐ رحمت تناور ہے

گنہ دُھلتے ہیں طیبہ میں
کہ یہ رحمت کا شاور ہے

وہؐ جو چاہیں عطا کر دیں
ملی اللہ سے پاور ہے

Marfat.com

قلم لکھے زباں بولے
یہ دِل پُرنور خاور ہے

نبیؐ کے پائے اقدس پر
میرا دِل بھی نچھاور ہے

اُسے کیوں حشر کا غم جو
غلام شاہِ داور ہے

مہک بطحاؑ سے لے کر ہی
کھلا دِل کا فلاور ہے

کرم مشتاقؔ پر مولا
کہ تو ہادی ہے یاور ہے

Marfat.com

جل شانہ

# حمدِ باری تعالیٰ

## (حصہ پنجابی)

Marfat.com

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

رَبّاً تینتھوں میرے قریب کوئی وی نئیں
تیرے وَرگا میرا مجیب کوئی وی نئیں

جس دی جھولی بھریں توں کہہ کے ''فترضیٰ''
اودھے جیسا خوش نصیب کوئی وی نئیں

سُنے تُوں ہر ویلے، ہر تھاں تے، ہر اک دی
خیال چ ایہو جہیا منیب کوئی وی نئیں

یارب دین تے دنیا دی دولت دے دے
مسلماناں توں ودھ غریب کوئی وی نئیں

Marfat.com

جس دا توں ایں حامی، ہادی تے ناصر
کیوں ڈردا اے اودھا مصیب کوئی وی نئیں

ہنود، یہود نے رل کے گھیرا پایا اے
ساڈا تیرے باجھ حسیب کوئی وی نئیں

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

کوئی کلیمؑ، خلیلؑ، ذبیحؑ تے روحؑ اللہ
مثل محمدؐ تیرا حبیب کوئی وی نئیں


بدر، اُحد، خندق، یمامہ، کرب و بلا
حادثہ تیرے لئی عجیب کوئی وی نئیں

"اِنَّ اللہ مَعَنَا" کہیا صدیقؓ تائیں
لبھنا کسے نوں ہور رقیب کوئی وی نئیں

مالک، خالق، رازق دی جو شان لکھے
اوس توں سُچّا، کھرا ادیب کوئی وی نئیں

اللہ دی کتاب جو پڑھدا اے مشتاقؔ
اوس توں چنگا ہونا خطیب کوئی وی نئیں

Marfat.com



Marfat.com

# نعت

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# رسولِ مقبول

Marfat.com

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

مکے دیاں ہوون تے مدینے دیاں راہواں
کردا ہویا سجدے میں اوناں راہواں تے جاواں

جس دی اے اُچی شان مزمل و مدثر
واللیل نے زلفاں تے معطر ہویاں ساہواں

اللہ نے جنہوں آکھیا یٰسین تے طٰحٰہ
لکھ وار اودھی شان تے قربان میں جاواں

تکریم محمدؐ دا تقاضا سی جو ربّ نے
اُس نور نوں رحمت دیاں دِتیاں نے رِداواں

Marfat.com

جوڑے نوں جدھے چم لیا عرشِ بریں نے
رکھدا اے قدم جتھے او جنت ہی نے تھاواں

مسجد او غمامہ دی پئی یاد دواوے
بدل پئے کردے سن اودھے سر اُتے چھاواں

کرنی ایں حرا دی تے قُبا دی میں زیارت
ہتھوں نہ کتے کڈھ کے ایہہ ویلا پچھتاواں

صدقہ جدھے نان پاک دا دُنیا نوں ہے لبھدا
اُس مکی تے مدنی دے میں کیوں گیت نہ گاواں

ایہہ جندڑی وی مشتاق مکرمؐ دے ای ناں اے
اِس لئی تے کتاب اُتے ہے دلبر دا ہی ناواں

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

حرم نبیؐ دا وَسے ہمیشہ، دِسے اوہ گنبد ہریا
توں وی لے لے درس عشق دا اج ہے ویلا اَڑیا

ہُن تے سجدے چ سِر رکھ دے پیش ہو رب دے اگے
کی پیا ویہناں حیرت نال توں ایتھے ای بیبا کھڑیا

کوئی تے عابد، زاہد، عالم، فاضل، مفتی ایتھے
توں بس اپنی مَیں دے اندر رہیا حیاتی تڑیا

فنا دے وچ بقا ملدی اے، بقا دے وچ حیاتی
اے رولا مُک جاسی، جد توں عشق دے شوہ وچ وڑیا

Marfat.com

دنیا وچ وی میرے آقاؐ تیرا ای آسرا سب نوں
پار اوہ لنگھ سی پُل تھیں جس نے تیرا پلّا پھڑیا

اکھیاں وچ تصویر اے تیریؐ، دل نوں تیریاںؐ تاہنگاں
دل دی انگوٹھی وچ نگینہ تیرےؐ نام دا جڑیا

بقیع چ استقبال ہووے گا عرشی منہ چمن گے
جد مشتاقؔ توں شہر مدینے نامِ نبیؐ لے مریا

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

سبز گنبد سی نگاہویں نعت وَل لکھدا رہیا
دِل نوں تیرے شہر دا نعم البدل لکھدا رہیا

اِس طرح وی آ گیا سی درد نوں کُجھ تے سکون
جَد میں کاغذ تے محمدؐ نام کَل لکھدا رہیا

بیاض تے، تاریخ، دن، لمحہ میں سب لکھدا رہیا
ملیا جو کچھ عشق وچ تیرےؐ میں پھل لکھدا رہیا

رات باری ذہن دی میرے اچانک کھُل گئی
تیریاںؐ یاداں وچ گزرے میں پَل لکھدا رہیا

Marfat.com

میرے سِر تے وی وفادا تاج لشکایا گیا
میں مزمل تے مدثر اونوںؐ گل لکھدا رہیا

ذِکر ہر تھاں تے ہو ریا اے آمنہؓ دے لال دا
اِس توں چنگی ہور کی ہونی اے گل لکھدا رہیا

محنتاں تے عظمتاں اوناں دیاں نیں بے شمار
کھودی خندق آپؐ یاراں نال رَل لکھدا رہیا

ایہہ نبیؐ دے نام دی برکت تھیں لبھیا اے سخن
جدجے ناں نوں میں گلی پھُل تے کنول لکھدا رہیا

گوشۂ سیرت میرے آقاؐ دا ہر اِک بے مثال
دشمناں نوں ہس کے لایا نال گل لکھدا رہیا

طیبہ دی فرقت تے دل دا حال کی آکھاں بھلا
کھوہ لوے مچھلی توں جیویں کوئی جَل لکھدا رہیا

میں اوناں راہواں تے تھاواں دے سدا بل ہاریاں
جہڑیاں جاون مدینے، تیرےؐ وَل لکھدا رہیا

نِمی نِمی اگ جہڑی عشقِ رسولؐ دی سی
نال پھوکاں دے پئی مشتاق بَل لکھدا رہیا

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

دُکھاں کیتا بڑا بے حال مینوں
میرے آقاؐ نہ کل تے ٹال مینوں

ہے اوکھا پینڈا، اُتوں گھپ ہنیرا
میرے ہادی سدا رکھ نال مینوں

کی کراں کنوں آکھاں، کتھے جاواں
دُکھاں چ چٹا دسدا اے لال مینوں

بھُکا بھانا ہاں، میرا اے خالی کاسہ
اے سخیا بھر کے دے اِک تھال مینوں

Marfat.com

لنگھے میری حیاتی وی آبرو تھیں
عطا کردے کرم دی شال مینوں

دُکھاں درداں دی اِس بستی دے اندر
رکھے یاد نبیؐ خوش حال مینوں

میں دنیاداری وی مشتاق کرناں
نہ اوکھے جاپن پنج افعال مینوں

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

بیٹھے بیٹھے رب سائیں نوں یاد جے آن ستایا
گھل جبریلؑ نوں درِ محبوبؐ دے جلدی نال بلایا

بھیڑے طائف دے لوکاں جد آپؐ نوں وٹے ملدے
ربّ دا اِک پیغام سی جس نے حوصلہ آن ودھایا

"لَستَ مُرسَلَ" مکے والیاں آکھیا جو سی کئی وار
"اِنَّکَ لَمِنَ المُرسلین" وچ قرآن دے آیا

"لَن تَرانی" موسیٰؑ نوں سی آکھیا مولا سائیں نے
پر محبوب نوں بے پردہ اپنا دیدار کرایا

Marfat.com

میں کی دساں رات معراج دی اپنے کول بٹھا کے
رَبّ، محبوبؐ دے سِر اُتے لولاک دا تاج سجایا

نہ اکھ پھری، نہ دھوکہ کھادا اُس سوہنے دیاں نظراں نے
کون محمدؐ، کون ہے موسیٰؑ، اوس نے فرق وکھایا

دو قوساں توں گھٹ سی دُوری طالب تے مطلوب دے وچ
نور نے جس دَم نور اپنے نوں اپنا آپ وکھایا

سمجھ سیاہی بَن گئے نے ایہہ ست سمندر سارے
چَل مشتاقؔ توں نعتاں لکھ لے رَبّ نے کرم کمایا

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

کی دساں اے میرے آقاؐ دکھ نوں اپنے پھول کے
در لبھیا اے تیراؐ، خود نوں جنگلاں اندر رول کے

ایس ورے ای ویکھ لیندا جے سنہری جالیاں
پیش کردا میں وی سدھراں دے موتی تول کے

خواب وچ آ کے کدی خیرات بخشن دید دی
بیٹھ رہنا رات ساری دل دے بوہے کھول کے

گنبدِ خضراء دی ہنجواں نال اپنے لیکیا
کر لیا دیدار اُس دا اپنے اتھرو ڈہول کے

میں وی آں مشتاق اِس تصویر دے دیدار دا
جہدے وچ میں رنگ بھریا لہو جگر دا گھول کے

Marfat.com

## نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

ہرا گنبد سنہری جالیاں نے، سوہنیاں جگ توں
تیرے روضے دے بوہے باریاں نے، سوہنیاں جگ توں

معطر کیتیاں جنہاں فضاواں وی ہواواں وی
او خوشبواں وی کنیاں پیاریاں نے، سوہنیاں جگ توں

جنہاں نوں ویکھ کے قدسی وی صدقے جان لکھ واری
او چھلے دار زلفاں کالیاں نے، سوہنیاں جگ توں

جو "اِن کُنتُم تُحبُّونَ اللّٰہ" رکھ کے سامنے کیتا
بلالِ حبشی جو پینگاں چاڑھیاں نے، سوہنیاں جگ توں

Marfat.com

ابوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ جیسا نیئں کوئی
میرے آقاؐ نال لائیاں یاریاں نے، سوہنیاں جگ توں

نبیؐ سوہنے دے نقش پا اُتے جنھاں نے دل وارے
او شکلاں بھولیاں تے بھالیاں نے، سوہنیاں جگ توں

کدی میلاد تے معراج تے سیرت دی محفل اے
ایہو کیپسول، ٹیکے، گولیاں نے، سوہنیاں جگ توں

جو جبریل امیں دی اقتداء وچ شوق آپنے نال
لائے پھُل، بتیاں تے جھنڈیاں نے، سوہنیاں جگ توں

توں اے مشتاقؔ صدقے جا نبیؐ دے عاشقاں اُتوں
سجائیاں جنھاں منہ تے داڑھیاں نے، سوہنیاں جگ توں

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

دن محشر دے جے چاہنا ایں تینوں ملن حضورؐ
اپنے نبیؐ دے نال توں اُلفت کردا رہو بھرپور

کُجھ وی نئیں سی، خُلق ہویا سی جد آقاؐ دا نور
اِس تخلیق چ رَب نے کیتا اپنا آپ ظہور

پنکھ ہوون تے اُڈ کے پہنچاں میں اِک روز ضرور
ہُن تے مدینے تیری جدائی نے کیتا رنجور

جس دا کھائیے، گُن وی گائیے، ایہہ ہے دنیا دا دستور
کھاندے رہنا پر چُپ رہنا نیتاں دا ایہہ فتور

Marfat.com

اوس نبیؐ دی خاطر ربّ نے کرنے معاف قصور
دِتیاں دعاواں، جس نے زخماں نال وی ہو کے چور

عید میلاد النبیؐ تے لکھی توں جو نعتِ حضورؐ
واہ مشتاقؔ مقدر تیرے سدا رہویں مسرور

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

عشق چ کُجھ کرنا پیندا اے
نگر نگر پھرنا پیندا اے

عشقِ رسولؐ دی شمع جلا کے
پروانہ بننا پیندا اے

نعت لکھن دا چاء ہووے تے
نال وضو رہنا پیندا اے

سُکھ دی منزل پان دی خاطر
کنڈیاں تے چلنا پیندا اے

Marfat.com

جنت دی چاہت ہووے تے
مُرشد وی پھڑنا پیندا اے

سنت خاطر پتھر کھا کے
ہونٹاں نوں سینا پیندا اے

سبق شریعت لین دی خاطر
مکتب وچ پڑھنا پیندا اے

حق دی راہ تے ٹُریے جے کر
سر نیزے دھرنا پیندا اے

یار منیدا کملا بن کے
بنھ گھنگرو نچنا پیندا اے

اُس در دے منگتے نوں کاسہ
ہتھ والا بھننا پیندا اے

یاد مدینہ آ جاوے تے
اکھیاں نوں ورنا پیندا اے

ویکھن لئی مشتاق مدینہ
سر بھرنے ٹرنا پیندا اے

Marfat.com

# نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

نبیؐ دی یاد وچ وردیاں چھم چھم
لگا اکھیاں نوں سوہنے یار دا غم

میرے آقاؐ مدینے وچ بلا لو
ایہہ دیدے دید لئی رہندے نے پُرنم

مَیں اُس سرکارؐ دا دربار چُماں
کہ جس دا عرش تے لہرائے پرچم

نزع دے وقت ویکھاں تیراؐ مکھڑا
جے تیرےؐ روبرو نکلے میرا دم

Marfat.com

کدی ویلا اوہ لبھے قادری نوں
حرم وچ بیٹھ کے پیوے ایہہ زم زم

درِ سرکارؐ تے شاہ و گدا کی
سرِ جبریل وی ہو جاندا اے خم

توں وی مشتاق چل بہہ در تے جا کے
تیرا اے جھلیا اتھے ہے کی کم

Marfat.com




عمامة باللون الأخضر تنسب إلى الرسول محمد عليه أفضل الصلاة والسلام (من مسجد شاهي بلاهور)

بادشاہی مسجد لاہور میں موجود تبرکات میں سے ایک

**Some sacred pieces at the Badshahi Mosque, Lahore**

Marfat.com

# منقبت

## سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

صبر و رضا کی منزلوں سے بھی بلند تر
تسلیم کی گئی ہے تو عظمت حسینؑ کی

بس مدح اہلِ بیت کو عادت بنائیے
گر چاہتے ہیں آپ شفاعت حسینؑ کی

پل بھر میں حُر کا ایسے مقدر بدل گیا
یکتائے روزگار تھی دعوت حسینؑ کی

لیتا ہے کون نام یزید پلید کا
قائم ہے تاابد تو امامت حسینؑ کی

دامانِ ظلم تار ہوا ہے یزید کا
دراصل تو یہی ہے کرامت حسینؑ کی

جس نے بقائے دین میں سب کچھ لٹا دیا
ایسی ہی پُرخلوص تھی چاہت حسینؑ کی

Marfat.com

صابر رہے تھے دیکھ کر اصغرؓ کی لاش کو
تھی بے مثال اُس گھڑی جرأت حسینؓ کی

جب خاک و خوں میں غسل و تیمّم بھی کر لیا
سب نے کہا یہی ہے طہارت حسینؓ کی

جن و ملک نے خون کے آنسو بہا دیئے
کربل میں ہو گئی جو شہادت حسینؓ کی

ہے کِذبِ کوفیاں کا بھی چرچا جہاں میں
سب جانتے ہیں لوگ صداقت حسینؓ کی

محفوظ کوئی بھی نہ تھا شرِ یزید سے
محظوظ کر رہی تھی شرافت حسینؓ کی

ابنِ زیاد بن کے مَرے گا وہ پیاس سے
جس نے بھی کی جہاں میں عداوت حسینؓ کی

گریہ کناں نہؔ ہونا کبھی میرے قتل پر
تھی مؤمنوں کو ایسی ہدایت حسینؓ کی

Marfat.com

Marfat.com

# منقبت

## سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

لاؤں کہاں سے موہنی صورت حسینؓ کی
ایماں کا جزو ہے تو محبت حسینؓ کی

دِل میں فزوں ہوئی میرے چاہت حسینؓ کی
ہے بالیقین دِل میں محبت حسینؓ کی

سَر دے دیا مگر نہ کی بیعت یزید کی
جاں دینا دین حق پہ تھی سیرت حسینؓ کی

روزِ ازل علیؓ کو نیابت عطا ہوئی
اور تاابد رہے گی سیادت حسینؓ کی

Marfat.com

اے قارئین صرف یہ تنہا مثال ہے
نیزے پہ کیا عجیب تھی قرأت حسینؑ کی

مشتاقؔ کس طرح سے ہو عظمت بیاں بھلا
کی خود رسولِ پاکؐ نے مدحت حسینؑ کی

Marfat.com

# قطعہ

علقمہ پیاس اور غریب حسینؑ
صبر اتنا زبان تک سی لی

خونِ اصغرؑ سے دشت کربل کا
آسماں سرخ اور زمیں گیلی

Marfat.com

# واقعہ کربل والا

فرض کہاں تھا پیچیدہ
دستِ قضا تھا نادیدہ


جس کے خون کی دیکھ کے رنگت
قوسِ قزح ہے سنجیدہ

جس پر ظلم کے وار ہوئے تو
فلک ہوا تھا لرزیدہ

بچوں کی معصوم صدائیں
سُن کے فضا تھی رنجیدہ

پڑھ کر واقعہ کربل والا
ہے مشتاقؔ بھی نمدیدہ

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com

# سلام

بحضور سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

Marfat.com

نخلِ رسالتؐ کا ہر برگ و ثمر پرومیننٹ ہوا
آلِ نبیؐ اولادِ علیؑ میں ہر اِک ڈومیننٹ ہوا

ہوئے شہید بہتّر تن بھی، دین نبیؐ کے رکھوالے
ہے وہ بڑا دلدوز جو کربل میں ہے انسیڈنٹ ہوا

Marfat.com

# سلام

## بحضور شہدائے کربلا (رضوان اللہ علیہم اجمعین)

سلام اے کربلا کے ہادی
کہ سوئی مخلوق تک جگا دی

لہو نے مسلمؓ عقیلؓ تیرے
پیاس کربل ہی کی مٹا دی

تمہاری تشنہ لبی نے اصغرؓ
ہمارے ایمان کو بقا دی

خدا نے تجھی عونؓ اور محمدؓ
کو کنجی جنت کی بھی تھما دی

Marfat.com

عطا کی شبیرؓ کو ہی جنت
یزید کو نار کی سزا دی

حسینؓ ابنِ علیؓ نے اولاد
دشتِ کربل میں جو سلا دی

اُسی کے صدقے میں رب تعالیٰ
نے دینِ احمدؐ کو ہے جلا دی

بناتِ سیدہ شہربانوؓ
کے صبر نے کربلا ہلا دی

لو تم کو بھی طرزِ زیست مشتاق
جنابِ اکبرؓ نے ہے سکھا دی

Marfat.com

# سلام

## بحضورِ شہدائے سیدنا امام حسین (رضوان اللہ علیہم اجمعین)

جس سے لیتی ہے تحسین قوسِ قزح
پھر ہوئی رشکِ پروین قوسِ قزح
جس پہ قرباں ہے رنگین قوسِ قزح
قتل پر جس کے غمگین قوسِ قزح
اُس حسینؓ ابن حیدرؓ پہ لاکھوں سلام

تک کے جس کو اُبھرتا ہو صبر و رضا
سوئے مقتل لپکتا ہو صبر و رضا
عزم نو سے نکھرتا ہو صبر و رضا
زخم سے بھی ٹپکتا ہو صبر و رضا
اُس حسینؓ ابنِ حیدرؓ پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

وہؓ جو کھیلے تو قدسی حفاظت کریں
جس کو محبوبؐ سردار جنت کریں
برسر جنگ بھی جو امامت کریں
وہؓ جو حرؓ کو عنایت ولایت کریں
اُس حسینؓ ابنِ حیدرؓ پہ لاکھوں سلام

وہؓ جو مُہر نبوتؐ پہ تھا کھیلتا
جس کو ناز و نعم سے تھا پالا گیا
حق کی خاطر جوؓ تھا ظالموں سے لڑا
جس کو بیٹوں کی لاشوں کا صدمہ ملا
اُس حسینؓ ابنِ حیدرؓ پہ لاکھوں سلام

لگ کے اصغرؓ کو تیر حلق رو دیا
خون کے آنسو پتھر تلک رو دیا
دیکھ کر ظلم جس پر فلک رو دیا
آسماں دیکھ کر اِک جھلک رو دیا
اُس حسینؓ ابنِ حیدرؓ پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

بھید اُسؓ پر شہادت کا تھا جب کھلا
تو مدینہ سے کربل کی جانب چلا
سُرخ جس کے لہو سے ہوئی کربلا
جس نے کٹوایا سجدے میں اپنا گلا
اُس حسینؓ ابنِ حیدرؓ پہ لاکھوں سلام

جس کے غم سے فضا میں تھی سنجیدگی
آج تک ہے فلک پہ بھی نمدیدگی
خوب جس نے نبھائی وہ غم کی گھڑی
جس کا ایثار ہے دیں میں روئیدگی
اُس حسینؓ ابنِ حیدرؓ پہ لاکھوں سلام

وہؓ عتاب شمر کا نشانہ بنا
ظلم مشتاق دشمن کا جس نے سہا
نہ ہی معصوم اصغرؓ پہ ماتم کیا
وہؓ جو نیزے پہ قرآن پڑھتا رہا
اُس حسینؓ ابنِ حیدرؓ پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

# سلام

## بحضور شہدائے حضرت امام حسین (رضوان اللہ علیہم اجمعین)

سلام اُس پر کہ جس کا چہرہ تھا ظلمتوں میں بھی جگمگاتا
سلام اُس پر کہ جس کی نورانیت پہ چندا تھا صدقے جاتا

سلام اُس پر کہ جس نے نانا کے دوشِ اقدس پہ کی سواری
سلام اُس پر لہو سے دینِ نبیؐ کی، کی جس نے آبیاری

سلام اُس پر وفا نے جس کی، وفاؤں پہ کی ہے تاجداری
سلام اُس پر کی جس نے، سجدوں کی، جنگ کربل میں پاسداری

سلام اُس پر کہ جس نے، دین نبیؐ کا ڈنکا بجا دیا ہے
سلام اُس پر کہ جس نے، رہزن کو حق کا رستہ دِکھا دیا ہے

Marfat.com

سلام اُس پر کہ جس کے سجدے سے درس لیتی ہے دینداری
سلام اُس پر کہ جس کی قربانیوں پہ عاشق ہے جاںنثاری

سلام اُس پر بڑھایا جس کی وفاؤں نے رتبہ شہادت
سلام اُس پر کہ دے دیا جس نے نیزے پر خطبۂ شہادت

سلام اُس پر عزم جس کا خدا کے دین کا فقط تھا شیدا
سلام مشتاق اُس پہ جس کے لہو کی سرخی ہوئی ہویدا

Marfat.com

# منقبت

شیخ عبدالقادر جیلانی محبوب سبحانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

Marfat.com

# منقبت

## غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی، محبوبِ سبحانی، غوثِ صمدانی

غوثِ اعظم کو جو اعجاز ہے کرتے دیکھا
ڈوبتی ناؤ کو پل بھر میں اُبھرتے دیکھا

وہ نسب حسنی، حسینی، ہی شرف ہے تیرا
بارہویں پشت میں آقاؐ سے جو ملتے دیکھا

سایۂ لطف نے دامن میں جگہ دی اُس کو
شدتِ درد میں جس شخص کو جلتے دیکھا

سنت نبویؐ میں پیاسا بھی تلاشِ حق میں
ہم نے چالیس بَرس غاروں میں رہتے دیکھا

Marfat.com

کیا تھی تاثیر لعاب دہن آقاؐ کی
سو جنازوں کو بھی تقریر سے اُٹھتے دیکھا

قم باذنِ اللہ کہا اور پرندے بھی اُڑے
جن کو لوگوں نے تھا کچھ دیر میں مرتے دیکھا

جو نظر چور کو بھی قطب بنا دیتی ہے
سب نے وہ بحر سخا غوثؒ کا بہتے دیکھا

دی ہے صحرا میں اماں اپنے مریدوں کو بہت
حکم ہے تیرا بہائم پہ بھی چلتے دیکھا

شہ گیلاں کا وہی مرقدِ اقدس مشتاقؔ
مرکزِ رُشد و ہدایت سدا بنتے دیکھا


Marfat.com

# متفرق

Marfat.com

Marfat.com

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم




Marfat.com

Marfat.com

# زم زم

سنو کہ برسوں پُرانی یہ اِک کہانی ہے
کہانی یاد جو ہر ایک کو زبانی ہے
جو جا کے بزمِ ادب میں مجھے سنانی ہے
شجر، نہ سایہ، وہاں پر نہ کوئی پانی ہے

کہ کیسے کیسے خدا صبر آزمایا تھا
خلیلؑ کے چمنستاں میں گل کھلایا تھا
بنا ہی دودھ پلائے وہ لے کر آیا تھا
کہ گُل بھی کیسے وہ ویرانے میں سمایا تھا

Marfat.com

وہ دھوپ تھی کہ جو لحظہ بہ لحظہ چڑھتی گئی
تپش سے جس کی یہ خاکِ زمین بھی تپتی گئی
کہ جس کی گرمی سے آب و ہوا بھی جلتی گئی
یوں ہاجرہ کی بھی ہمت بڑھی تو بڑھتی گئی

تو گرم لُو کے بھبوکے سراسر آنے لگے
جو چھاگلوں میں تھے پانی وہ خشک ہونے لگے
یوں ہوش طِفل کے آہستگی سے اُڑنے لگے
اوسان ماں کے بھی پھر رفتہ رفتہ ٹلنے لگے

لٹایا ماں نے زمین پر پسر کو بے سایہ
گئی صفا پہ وہ، لیکن نظر نہ کچھ آیا
نشانِ آب بھی مَروہ پہ جب نہیں پایا
تو مُڑ کے دیکھے، درندہ نہ ہو کہیں آیا

Marfat.com

فلک کو دیکھا تو وہ کتنا دور لگتا تھا
یہ ٹکڑا ارض کا مثلِ تنور لگتا تھا
کہاں عمل میں یہ دخلِ شعور لگتا تھا
مگر یہ حکم الٰہی ضرور لگتا تھا

یوں سوچ پر بھی توکّل کے پھول کھلنے لگے
تو دَر مسبب الاسباب کے تھے کھلنے لگے
دُعا کے واسطے لب ہاجرہ کے ہلنے لگے
نظارہ دیکھ کر قدسی سبھی مچلنے لگے

یہ سات پھیرے ہوئے کس طرح مکمل ہیں
کہ پاؤں ہاجرہؑ کے دوڑ کر ہوئے شل ہیں
اب انتظار کے گھٹنے بھی ہو گئے پل ہیں
لو اسماعیلؑ کی ٹھوکر میں پانی کے نل ہیں

Marfat.com

وہ پانی چشمے کا زوروں سے آج بہتا ہے
وہ سیر ہو کے گیا، تشنہ لب جو آتا ہے
اب اِس علاقے میں زائر جو کوئی بستا ہے
خدائے پاک کا وہ شکر آ کے کرتا ہے

بدست حضرت جبریلؑ ہے انعام آیا
جو اسماعیلؑ کی خاطر یہ چشمہ بن پایا
جو زَم زَم، ہاجرہؓ نے اُس گھڑی تھا فرمایا
ابد تلک ہے وہ چشمہ شفا کا سرمایا

Marfat.com

# انقلاب کی آرزو

ہوا غرقِ بحرِ خیال میں تو فلک سے آنے لگی ندا
ہے جو انقلاب کی آرزو تو کٹاؤ سر کو نماز میں

جو تلاش کی میں نے علم کی تو کتاب سے یہ سبق ملا
ہے معاملہ رہِ عشق کا نہ بھٹک نشیب و فراز میں

تو خطاب کرتا ہے جوش سے کہا ہر کسی نے یہ ہوش سے
نہیں سامعین کی کچھ کمی رہے سوز شامل ساز میں

مجھے مغفرت کی طلب ہوئی تو کہا نبیؐ کے غلام نے
رہو پڑھتے اُنؐ پہ درود تم ملے قبر خلد حجاز میں

ہے یہی تقاضۂ دین بھی مشتاق قادری ازل سے
تو ہے جانتا تو جھکا بھی دے یہ جبین ناز نیاز میں

Marfat.com

# غلامی کی سند

عرض میری ماؤں بہنو ہے تمہارے باب میں
عظمتیں پردے کی پوشیدہ ہیں بس احجاب میں

افضل و اعلیٰ لباس تقویٰ ہوتا ہے سدا
غور سے تم گر پڑھو لکھا ہے الکتاب میں

اس طرح پینا پلانا ہے ندامت کا سبب
باعث ذلت ہے شامل ہونا بزم ناب میں

خوش نصیبی ہے یہی پیر و جواں کے واسطے
احتساب اپنا کریں وہ اطلس و کمخواب میں

Marfat.com

پنج نمازیں، تیس روزے اور پھر حج و زکوٰۃ
لازمی ابواب ہیں اسلام کے انصاب میں

جانبِ فردوس جائیں گے جو مل کر مؤمنین
منتظر تب نوری ہوں گے خُلد کے ابواب میں

ہے ملی مشتاقؔ کو تب ہی غلامی کی سند
اِس کو دیدار نبیؐ جس شب ہوا تھا خواب میں

Marfat.com

# سایۂ یزداں

جب کسی شخص کا بھی ہوش ہے عطلان ہوا
غرقِ عصیاں ہوا جیتے جی بھی بے جان ہوا

رنگ دنیا میں کچھ اِس طرح سے کھوئے ہیں
دُور اِس دَور کا اَب دیں سے مسلمانِ ہوا

باہمی حُسنِ محبت نہیں جن کے گھر میں
ہے بزرگوں نے کہا، گھر وہی ویران ہوا

لوگ اٹھاتے ہیں قسم کھانے کو قرآن فقط
آج الماریوں میں زینتِ جزدان ہوا

Marfat.com

شکر اللہ کا ہوئی اِس سے ثنائے مولا
نعتیہ شعر لکھے، صاحبِ عرفان ہوا

جس نے بھی جان لیا موت و شہادت کیا ہے
کنبہ سارا ہی رہِ حق میں وہ قربان ہوا

ساتھ تن من کے لٹا ڈالا ہے دھن بھی مشتاقؔ
مجھ پر خود نور فگن سایۂ یزدان ہوا

Marfat.com

# انقلاب مصطفےؐ

## کا اب قوی امکان ہے

کیسے لکھوں جو ادارے کی نرالی شان ہے
مے کدہ وحدت کا ہے عشق نبیؐ کی کان ہے

دھوم ہے جس کی وہ ہے افکارِ منہاج القرآن
علم نے ہے ہر گھر میں پہنچا اس کا ہی فیضان ہے

عشق سرکارِ دو عالمؐ، حُبِّ اولادِ علیؓ
یہ ادارے کا مشن ہے اور یہی پہچان ہے

وقت کے نمرود سے آؤ کریں مل کر جہاد
میرے قائد، میرے طاہر کا یہی فرمان ہے

Marfat.com

کون گن پائے میرے طاہر میں ہیں جو خوبیاں
اُس کو قدرت نے جو بخشا وہ عجب عرفان ہے

کچھ تو اِس میں مصلحت ہو گی مہ رمضان میں
ہم کو اللہ نے دیا یہ مُلکِ پاکستان ہے

عظمتِ دیں کے لئے پھرتے ہیں سب باندھے کفن
انقلاب مصطفٰےؐ کا اب قوی امکان ہے

کیسے بھولے تیری رحمت قادری مشتاقؔ یہ
ہو گیا "لَا تَقْنَطُو" کا دُنیا میں اعلان ہے

Marfat.com

# خزینہ

یہ رات لے کے آئی عرفان کا خزینہ
جوشِ کرم پہ آیا رحمان کا خزینہ

مخلوق منتشر تھی کرنے اُسی کو یکجا
''نوعِ بشر پہ اُترا قرآن کا خزینہ''

غارت جو کفر میں تھی امن و اماں سے بدلی
صدقے نبیؐ کے برسا ایمان کا خزینہ

صبح و مسا جو روضے کے گرد گھومتے ہیں
ظاہر ہوا ہے اُن پر فیضان کا خزینہ

Marfat.com

قربان کیوں نہ جائیں تیرے طفیل ساقی
ہم کو تو مل گیا ہے رمضان کا خزینہ

کرتے ہیں خاطیوں کی وہ مغفرت کا ساماں
کہتے ہیں اُن کو ہم سب یزدان کا خزینہ

مشتاقؔ اِس کو کیسے بھولے گا زندگی میں
حمد و ثنا ہے میرے دل و جان کا خزینہ

Marfat.com

# آرزو

علم و عرفاں کا بھرا گر مجھے اِک جام ملے
میرے آقاؐ کی عنایت کا بھی افہام ملے

یہ جو رحمت کی ہے بارش وہ خزاں میں برسے
اِن گھٹاؤں سے بہاروں کا ہی پیغام ملے

منتشر آج جو مسلم ہیں گروہوں میں بٹے
متحد کر سکوں سب کو مجھے وہ کام ملے

یاالٰہی ہو عطا عمرؓ سا زورِ بازو
پھر بلالؓ ایسا مؤذن بھی سرِ عام ملے

Marfat.com

شرق سے غرب تلک جس کی صدائیں گونجیں
وہ مقرر وہ صدا کار ہر اک گام ملے

کیکر و نیم کے بیجوں سے جو سینچے کھیتی
اُس شجر سے کبھی انگور نہ ہی آم ملے

معرکے جس نے کئے دینِ نبیؐ کی خاطر
اب کہاں ابنِ علیؓ جیسا کوئی نام ملے

رشک پھر کیوں نہ کریں اپنے پرائے سارے
درِ والا سے جو مشتاق کو انعام ملے

Marfat.com

# فکرِ فردا

پُرخلوص باتوں میں اور خوش خیالوں میں
بس ذرا .وفا کم ہے اِن دِنوں جیالوں میں

خوف ہی نہیں کوئی، آنے والے وقتوں کا
کام جو دنوں میں ہو کرتے ہیں یہ سالوں میں

علم و فن سے جی اپنا آج وہ چراتے ہیں
ڈھونڈتے ہیں وہ قسمت اپنی طوطا فالوں میں

اب مریخ ہے منزل اُن کی چاند پر جا کر
اور سمندر اپنا ہی بٹ گیا ہے نالوں میں

Marfat.com

تقویٰ کی بنا پر جو برتری کو مانی تھی
بَٹ گئی ہے قوم وہی آج گوروں کالوں میں

راہِ حق میں وہ کچھ بھی خرچ تک نہیں کرتے
بوند کو ترستے تھے، پیتے ہیں جو پیالوں میں

کھول دے میرے اللہ رحمتوں کے صدقے میں
بند ہے نصیبہ جو گردشوں کے تالوں میں

جال جو بچھائے تھے کافروں نے ماضی میں
آج آ گئے مسلم سامراجی چالوں میں

اے خدا مقدر جو پھر بدل دے امت کا
ناخدا وہ پیدا کر پھر سے نونہالوں میں

آتی ہے نِدا مشتاقؔ اَب تو آسمانوں سے
جاگ کہ سفیدی اب آ چکی ہے بالوں میں

Marfat.com

# تذکرہ

جب خدا کا "کُنتُ کَنزاً مَخفِیاً" فرمانا تھا
خالقِ کُل نے خلیفہ اَرض پر بھجوانا تھا
شجر جنت پہ لگا ممنوعہ جو اِک دانہ تھا
آدمؑ و حواؑ سے اِس دھرتی کو بھی مہکانا تھا

لب پہ لاؤں آدمؑ و حواؑ کی کیونکر شان کو
ہے بیان کرنا ضروری قدسیوں کی آن کو
پیدا خالق نے کیا جب حضرتِ انسان کو
حکم سجدے کا دیا تھا اُس گھڑی شیطان کو

Marfat.com

قدسیوں نے شانِ آدمؑ کا کیا اقرار بھی
ایک سجدے پر کیا شیطان نے انکار بھی
اپنے ناری ہونے پر فاخر بھی تھا سرشار بھی
اِس تفخر پر ملی قسمت میں اُس کے نار بھی

کوثر و تسنیم سے آدمؑ کو نہلایا گیا
دست قدرت سے سنوارا اور نکھرایا گیا
اِس شجر کے پاس مت جانا یہ سمجھایا گیا
آدمؑ حواؑ کو جناں سے ارض پر لایا گا

قتل پر ہابیل کے، قابیل کے آنسو بہے
لاشۂ بے گور کے کارن وہ مشکل میں پھنسے
اِک پرندے نے گڑھا کھودا کہ مردہ تو دبے
اِبن آدمؑ کو، پرندے نے سلیقے کیا دیئے

جب کہ ابراہیمؑ رازِ زندگانی پا گیا
تب وہ اسماعیلؑ لطفِ جانفشانی پا گیا
ربّ سے ہی ایوبؑ صبر جاودانی پا گیا
وہ سفینۂ نوحؑ رَبّ کی نگہبانی پا گیا

Marfat.com

بطنِ ماہی میں ملی یونسؑ کو بھی اِک کائنات
اور موسیٰؑ نے دکھائے عصا کے معجزات
ضرب عیسیٰؑ سے ملی اک روز مُردوں کو حیات
جو مشرف دید سے ہے، وہ محمدؐ کی ہے ذات

داوٗدؑ اور صالحؑ کی عزت بڑھی ہر دور میں
انگلیاں بھی کٹ گئیں شوکت بڑھی ہر دور میں
حُسنِ یوسف کی بھی یوں رفعت بڑھی ہر دور میں
احمد مختارؐ کی عظمت بڑھی ہر دور میں

بوبکر صدیق اکبرؓ ہی ہوئے ہیں یار غار
ہیں عمرؓ فاروقِ اعظمؓ پھر نبی سرور کے یار
گھر لٹا کر خوش ہوئے عثمانؓ جو تھے مالدار
اور پھر شمشیر حیدرؓ جو بنی تھی ذوالفقار

کیسا عظیم المرتبت وہ جذبۂ ایثار تھا
ابنِ حیدرؓ ہی امامت کا یہاں حقدار تھا
حُرّ بھی جو اِس معرکے میں برسرپیکار تھا
کربلا کو جاں نثاروں کا لہو درکار تھا

Marfat.com

کفر و باطل ہے جہنم میں جلانے کے لئے
خُلد جو ہے مؤمنوں ہی کو بسانے کے لئے
شانِ محبوبیؐ ہے محشر میں دکھانے کے لئے
بخش دیں مشتاقؔ کو جنت میں جانے کے لئے

Marfat.com



Marfat.com